Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 — منگل، 6 فروری 2024ء، 25 رجب المرجب 1445ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 263

دہشتگردوں کا تھانہ چودھوان پر حملہ 10 اہلکار شہید 6 شدید زخمی

دہشتگردوں نے رات گئے بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا، اہلکاروں اور دہشتگردوں کے درمیان ڈھائی گھنٹے تک فائرنگ کا تبادلہ ہوا، دہشتگردوں نے عمارت پر تعینات اہلکاروں کو اسنائپر سے نشانہ بنایا

اندر گھس کر دستی بموں کا استعمال کیا، فائرنگ بھی کی، میڈیا رپورٹس، پولیس لائن سے بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا، تھانہ چودھوان کی حدود میں سرچ آپریشن شروع

نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ کو آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی پہنچنے پر گارڈ آف آنر پیش کیا جارہا ہے

ڈی آئی خان (این این آئی) خیبرپختونخوا ہ کے علاقے ڈیرہ اسماعیل خان میں تھانہ چودھوان پر دہشتگردوں نے حملہ کردیا جس کے نتیجے میں 10 پولیس اہلکار شہید اور 6 زخمی ہوگئے۔ ریجنل پولیس آفیسر ناصر محمود نے بتایا کہ رات گئے دہشتگردوں نے بھاری ہتھیاروں سے تھانہ چودھوان پر حملہ کیا۔ پولیس کے مطابق پولیس اہلکاروں اور دہشتگردوں کے درمیان ڈھائی گھنٹے تک فائرنگ (بقیہ نمبر 1)

8 فروری کے انتخابات کے بعد نئی حکومت تشکیل پائے گی، انوارالحق کاکڑ

انتخابات میں التوا سے متعلق تمام قیاس آرائیاں دم توڑ جائیں گی، نگران وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے کہا ہے کہ 8 فروری کو انتخابات کے بعد نئی حکومت تشکیل پائے گی، نگران حکومت رخصت ہو جائے گی، انتخابات میں التوا سے متعلق تمام قیاس آرائیاں دم توڑ جائیں گی، اپنی آئینی ذمہ داری پوری کر دی ہے، پہلے دن سے ہی ہمیں اس میں کوئی شک نہیں تھا کہ انتخابات وقت پر ہوں گے۔ ایک نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نگران حکومت (بقیہ نمبر 2)

مشرق وسطیٰ میں امن کیلئے فلسطینی ریاست لازمی ہے، ناروے

اسرائیل کی کئی حکومتوں نے اس بات کا اعادہ کیا تھا کہ فلسطین کا حل دو ریاستوں کے قیام پر ہوگا، ایسپن بارتھ ایڈے

دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ناروے کے وزیر خارجہ ایسپن بارتھ ایڈے نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں امن کے لیے فلسطینی ریاست ضروری ہے اور دو ریاستی حل اسرائیل کے بھی مفاد میں ہے۔ قطری نشریاتی ادارہ الجزیرہ (بقیہ نمبر 5)

عمران خان کا جیل میں رابطوں اور رہائی کی پیشکش کا دعویٰ جھوٹا قرار

9 مئی کے ریاستی دہشت گردی کے سنگین واقعات کے بعد بانی پی ٹی آئی سے کسی قسم کا رابطے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا

اسلام آباد (بیورو چیف) انتہائی ذمہ دار ذرائع نے پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین عمران خان کے اس دعوے کو یکسر مسترد کر دیا ہے کہ ان سے اٹک جیل میں "ذمہ داروں" نے رابطے کئے خاموشی اختیار کرنے پر رہائی کی (بقیہ نمبر 4)

الیکشن کمیشن نے نگراں حکومت کو پی آئی اے کی نجکاری سے روک دیا

الیکشن کمیشن نے نجکاری سے متعلق کسی قسم کا معاہدہ کرنے سے روکتے ہوئے کابینہ کا نجکاری کا پلان طلب کرلیا

اسلام آباد (بیورو چیف) الیکشن کمیشن نے نگراں وفاقی حکومت کو پی آئی اے کی نجکاری سے روک دیا۔ الیکشن کمیشن نے نگراں وفاقی حکومت کو پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کی نجکاری کرنے سے روک دیا ہے۔ الیکشن (بقیہ نمبر 3)

جنرل سید عاصم منیر، این آئی (ایم)، چیف آف آرمی اسٹاف (سی او اے ایس) نے سارایاں سیکٹر میں لائن آف کنٹرول (ایل او سی) کے ساتھ اگلے مورچوں کا دورہ کیا

فیصل آباد کیلئے سیف سٹی پراجیکٹ کا باقاعدہ آغاز، وزیراعلیٰ محسن نقوی نے افتتاح کردیا

صرف 45 روز میں 2 سال کا منصوبہ مکمل

فیصل آباد کیلئے سیف سٹی پراجیکٹ کا باقاعدہ آغاز، وزیراعلیٰ محسن نقوی نے افتتاح کردیا، پنجاب پولیس اینٹی گرینڈ کمانڈ، کنٹرول اینڈ کمیونیکیشن سنٹر کا دورہ، ڈیجیٹل وال پر سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے شہر کی سیکورٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا

45 روز میں سیف سٹی پراجیکٹ کا آغاز کرنا ایک ناممکن ٹاسک تھا، مگر فیصل آباد اس میں نمبرون رہا، 45 روز میں گرے سٹرکچر کو اس شاندار عمارت میں تبدیل کرنا ایک ناممکن کام تھا جو پوری ٹیم نے مل کر ممکن بنایا، وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی

لاہور (این این آئی) صرف 45 روز میں سیف سٹی پراجیکٹ کا باقاعدہ آغاز، سیف سٹی کا پراجیکٹ جرائم پر قابو پانے کیلئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، آئی جی ڈاکٹر عثمان انور 2 سال کا منصوبہ مکمل ہوگیا، فیصل آباد کے لئے سیف سٹی پراجیکٹ کا افتتاح کردیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ایک موثر ٹیم بنائی۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے فیصل آباد کنٹرول اینڈ کمیونیکیشن (بقیہ نمبر 16)

ڈی آئی خان میں تھانے پر دہشتگردوں کے حملے کی شدید مذمت

ہماری تمام تر ہمدردیاں شہید اہلکاروں کے لواحقین کے ساتھ ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے ڈی آئی خان میں تھانے پر دہشتگردوں کے حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے حملے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے شہید اہلکاروں کے لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کیا ہے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ ہماری تمام تر (بقیہ نمبر 6)

عام انتخابات کے روز ملک بھر میں موسم سرد اور خشک رہنے کی پیشگوئی

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے عام انتخابات کے روز ملک بھر میں موسم سرد اور خشک رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ سوشل میڈیا پر سردی کی شدت میں اضافے سمیت کئی افواہیں زیر گردش کرتی رہیں تاہم (بقیہ نمبر 7)

45 سال بعد چولستانی کاشتکاروں کو اراضی الاٹ

وزیراعلیٰ محسن نقوی کا دورہ بہاولپور، 26 ہزار بے زمین کاشتکاروں کو فی کس ساڑھے 12 ایکڑ اراضی کے الاٹمنٹ لیٹر دیئے

کاشتکاروں کو زمین ملنے سے چولستان کا غریب خوشحال ہوگا، کاشتکاروں کو ساڑھے 12 ایکڑ فی کس اراضی 5 سال کی لیز پر دی گئی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی چولستان کے بے زمین کاشتکاروں کی آواز بن گئے، 45 سال بعد چولستانی کاشتکاروں کو اراضی الاٹ کردی گئی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے بہاولپور میں 26 ہزار بے زمین کاشتکاروں کو فی کس ساڑھے 12 ایکڑ اراضی کے الاٹمنٹ لیٹر دیئے۔ انہوں نے کہا کہ کاشتکاروں کو زمین ملنے سے چولستان کا غریب خوشحال ہوگا۔ کاشتکاروں کو ساڑھے 12 ایکڑ فی (بقیہ نمبر 17)

وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے انسانی حقوق اور خواتین کو بااختیار بنانے، مشعال حسین ملک نیشنل کالج آف آرٹس (این سی اے) کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں پوسٹر نمائش کا افتتاح کررہے ہیں

آزادی کے حصول تک کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا، چیئرمین سینیٹ

کشمیر پاکستان کی شہ رگ، مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں، کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل ہونا چاہیے، صادق سنجرانی

مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کیلئے ملکی و عالمی سطح پر مزید اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے، کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ 5 فروری کا دن کشمیریوں کی جدوجہد آزادی اور لازوال قربانیوں پر ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کا دن ہے، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہی حل ہونا چاہیے۔ تفصیلات کے مطابق کشمیر ڈے کے حوالے سے اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ (بقیہ نمبر 8)

وزیراعلیٰ نے سپورٹس کمپلیکس ایف ڈی اے سٹی کا افتتاح کردیا

سپورٹس کمپلیکس کا دورہ، کھیلوں کی سہولتوں کا جائزہ لیا، محسن نقوی نے سنوکر اور بیڈمنٹن کھیلی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے سپورٹس کمپلیکس ایف ڈی اے سٹی کا افتتاح کردیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سپورٹس کمپلیکس کا دورہ کیا اور (بقیہ نمبر 9)

اے این پی امیدوار ایم کیو ایم کے امین الحق کے حق میں دستبردار

کراچی (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے امیدوار دوست محمد حلقہ این اے 246 پر متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے امیدوار سید امین الحق کے حق میں دستبردار ہوگئے۔ ترجمان ایم کیو ایم پاکستان حلقہ این اے 246 پر ایم کیو ایم پاکستان اور اے این پی کی ملاقات ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اے این پی امیدوار دوست محمد ایم کیو ایم کے سید امین الحق کے حق میں دستبردار ہوگئے۔

مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے بغیر دنیا میں امن کا قیام ممکن نہیں، مشعال ملک

کشمیری کبھی بھی بھارتی جبر اور ناجائز قبضے کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالیں گے، کشمیر اور پاکستان کے عوام کے درمیان ایسا مضبوط رشتہ ہے

مشعال ملک نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے جموں وکشمیر کے عوام سے کیے گئے اپنے وعدوں کو پورا کرنے کا مطالبہ کیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں مشعال حسین ملک نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی خاموشی توڑیں اور مودی کی قیادت میں بھارتی حکومت کی جانب سے بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر میں جاری نسل کشی کو روکنے کے لیے فعال اقدامات کریں۔ وہ نیشنل کالج آف آرٹس (این سی اے) کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے منعقدہ پوسٹر نمائش سے خطاب کر رہی تھیں۔ معاون خصوصی کی فوکل پرسن سبین حسین ملک بھی معاون خصوصی کے (بقیہ نمبر 18)

کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہمیشہ سے کھڑے ہیں، ڈپٹی کمشنر جہلم

ہر پاکستانی کا دل کشمیری بھائیوں کے ساتھ دھڑکتا ہے، کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق

جہلم (این این آئی) ڈپٹی کمشنر جہلم کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہمیشہ سے کھڑے ہیں اور (بقیہ نمبر 24)

وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے انسانی حقوق اور خواتین کو بااختیار بنانے، مشعال حسین ملک نیشنل کالج آف آرٹس (این سی اے) کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے منعقدہ پوسٹر نمائش میں نمائش دیکھ رہی ہیں

کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں ہم آواز ہونے کا نام یوم یکجہتی کشمیر ہے، عبدالعلیم خان

مسئلہ کشمیر جنیوا کنونشن کے تحت حل کیا جانا ہی اس مسئلے کا حل ہے، صدر استحکام پاکستان پارٹی

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان نے یوم یکجہتی کشمیر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں ہم آواز ہونے کا نام یوم یکجہتی کشمیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر جنیوا کنونشن کے تحت حل کیا جانا ہی اس (بقیہ نمبر 10)

الائیڈ ہسپتال ٹو کے اپ گریڈیشن پراجیکٹ کا افتتاح

وزیراعلیٰ 10 برس سے زیر التواء منصوبے نصرت فتح علی خان ہسپتال اور اسی ہسپتال میں پیراپلیجک سنٹر کا افتتاح کیا

وزیراعلیٰ محسن نقوی نے نصرت فتح علی خان ہسپتال میں پیراپلیجک سنٹر میں خصوصی بچے ابوذر سے شفقت کا اظہار کیا

فیصل آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے فیصل آباد میں الائیڈ ہسپتال ٹو (ڈی ایچ کیو) کے اپ گریڈیشن پراجیکٹ، 10 برس سے زیر التواء منصوبے نصرت فتح علی خان ہسپتال اور اسی ہسپتال میں پیراپلیجک سنٹر کا افتتاح کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے اپ گریڈ فیصل آباد الائیڈ ہسپتال ٹو کے وارڈز کا دورہ کیا اور اعلیٰ معیار کی تعریف کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے اپ گریڈڈ میڈیسن یونٹ، سرجیکل، ڈینٹل اور ایڈمن بلاک کا معائنہ کیا اور استقبالیہ کاؤنٹرز پر مریضوں کی سہولت کیلئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے نصرت فتح علی خان ہسپتال میں پیراپلیجک سنٹر میں خصوصی بچے ابوذر سے شفقت کا اظہار کیا اور والد سے علاج (بقیہ نمبر 11)

وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے انسانی حقوق اور خواتین کو بااختیار بنانے، مشعال حسین ملک نیشنل کالج آف آرٹس (این سی اے) کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے منعقدہ پوسٹر نمائش سے خطاب کر رہی ہیں

الیکشن کے دن بارش کے کسی بڑے اسپیل کا امکان نہیں، موسمیاتی تجزیہ کار

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں عام انتخابات والے دن یعنی 8 فروری کو بیشتر مقامات پر موسم خشک رہے گا۔ موسمیاتی تجزیہ کار کے مطابق 7 فروری کو مغربی سندھ اور بلوچستان میں ہلکی بارش کا امکان ہے جبکہ 8 فروری کو ملک کے بیشتر مقامات پر موسم خشک رہے گا۔ 8 فروری کو موسم کی صورتحال سے (بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد کیپٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کارروائیاں جاری

24 گھنٹوں کے دوران بارہ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 26 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کارروائیاں جاری ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بارہ پیشہ ور بھکاریوں (بقیہ نمبر 25)

آڈیٹر جنرل نے صدر علوی کے خط کے بعد خصوصی تحقیق

موجودہ نظام میں خامیوں، قواعد کی خلاف ورزیوں کی نشاندہی کردی

اسلام آباد (این این آئی) آڈیٹر جنرل نے صدر علوی کے خط کے بعد خصوصی تحقیق میں موجودہ نظام میں خامیوں، قواعد کی خلاف ورزیوں کی نشاندہی (بقیہ نمبر 20)

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر دفتر خارجہ سے ریلی نکال گئی

ریلی کی قیادت سیکریٹری خارجہ سائرس سجاد قاضی اور ترجمان ممتاز زہرا بلوچ کررہی تھیں، ریلی میں وفاقی وزراء مرتضیٰ سولنگی بھی شریک تھے

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی، کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر سائرن بجائے گئے

اسلام آباد (این این آئی) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر دفتر خارجہ سے ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت سیکریٹری خارجہ سائرس سجاد قاضی اور ترجمان ممتاز زہرا بلوچ کررہی تھیں۔ ریلی میں وفاقی وزراء مرتضیٰ سولنگی، جمال شاہ، انیق احمد اور فواد حسن فواد بھی شریک ہوئے۔ ریلی میں دفتر خارجہ کے ملازمین بڑی تعداد میں موجود تھے، ملازمین نے پاکستان اور آزاد کشمیر کے پرچم تھام رکھے تھے۔ یوم یکجہتی (بقیہ نمبر 26)

پی پی آصفہ بھٹو زرداری انتخابی مہم کے سلسلے میں منعقدہ ورکرز کنونشن میں کارکنوں کے استقبال کا خیرمقدم کررہی ہیں

پاکستان کے غریب عوام شعبدہ باز سیاستدانوں سے ہوشیار رہیں، حماد قریشی

راولپنڈی (این این آئی) وائس چیئرمین انجمن تاجران کمرشل مارکیٹ حماد قریشی نے کہا ہے کہ پاکستان کے غریب عوام شعبدہ باز سیاستدانوں سے ہوشیار رہیں، 8 فروری کو بجلی گیس کے جھانسے میں آئے بغیر ان کا محاسبہ کریں، آج مہنگائی کے ذمہ دار یہی سابقہ حکمران ہیں غریب عوام خودکشیوں پر مجبور ہیں، بجلی گیس پٹرول اشیاء خورونوش کی (بقیہ نمبر 12)

راولپنڈی پولیس کی پتنگ فروشوں کے خلاف کارروائی

دو ملزمان گرفتار، ساٹھ پتنگیں اور ڈوریں برآمد کی گئیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی پتنگ فروشوں کے خلاف کارروائی، 02 ملزمان گرفتار، 60 پتنگیں اور ڈوریں برآمد (بقیہ نمبر 21)

ڈپٹی کمشنر جہلم کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق کا ٹی ایچ کیو سوہاوہ کا دورہ

جہلم (این این آئی) ڈپٹی کمشنر جہلم کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے ٹی ایچ کیو سوہاوہ کا دورہ کیا اور مریضوں سے ملاقات کی، ڈپٹی کمشنر جہلم کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے صحت کی سہولیات کو بہتر بنانے (بقیہ نمبر 28)

عام انتخابات 2024 سکیورٹی کے حوالے سے اہم اجلاس

آئی سی سی پی او کو دوران انتخابات اور بعد از انتخابات سکیورٹی امور پر بریف کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خان کی زیر صدارت عام انتخابات 2024 سکیورٹی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں عام انتخابات 2024 سے قبل، دوران انتخابات اور بعد از انتخابات سکیورٹی امور پر بریف کیا گیا، آئی سی سی پی او کنٹرول روم سے تمام عمل کی خود نگرانی کریں گے، انتخابات کی کوریج (بقیہ نمبر 27)

جنرل الیکشنز 2024 کے حوالے سے راولپنڈی پولیس کا فلیگ مارچ

راولپنڈی پولیس، پاک فوج، رینجرز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حصہ لیا

راولپنڈی (این این آئی) جنرل الیکشنز 2024 کے حوالے سے راولپنڈی پولیس کا ضلع بھر میں فلیگ مارچ نکالا گیا، راولپنڈی پولیس، پاک فوج، رینجرز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے فلیگ مارچ میں حصہ لیا، فلیگ مارچ کی سپرویژن سی پی او راولپنڈی، ایس ایس پی آپریشنز، ڈویژنل ایس پیز اور دیگر سینئر افسران نے کی، سینئر افسران کی قیادت میں حلقہ این اے 51,52,53,54,55,56,57 میں الگ الگ فلیگ مارچ کیے گئے ہیں، فلیگ مارچ کا مقصد الیکشنز 2024 کے پرامن انعقاد کے عزم کا اظہار ہے، الیکشن (بقیہ نمبر 13)

نیو کراچی، سیاسی جماعتوں کے جھگڑے کے دوران زخمی بچہ چل بسا

کراچی (این این آئی) دو روز قبل نیو کراچی کے علاقے سیکٹر الیون میں سیاسی جماعتوں کے درمیان جھگڑے کے نتیجے میں زخمی ہونے والا بچہ انتقال کر گیا۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق فائرنگ سے زخمی گیارہ سال کا عبدالرحمٰن انتقال کر گیا ہے۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق بچہ جناح اسپتال کے نیورو (بقیہ نمبر 14)

غزہ: اقوام متحدہ کی امداد پر اسرائیل نے غزہ پر بمباری کی۔

راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی، 08 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کے دوران 08 ملزمان گرفتار کر لئے گئے جن کے قبضے سے، چرس، شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزم شاہد سے 01 (بقیہ نمبر 29)

متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا

لاکھوں روپے مالیت کے چوری شدہ طلائی زیورات، قیمتی گھڑیاں، آئی پیڈ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد راہزنی اور ڈکیتی یونٹ پولیس نے گھریلو چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے چوری شدہ طلائی زیورات، قیمتی گھڑیاں، آئی پیڈ اور نقدی برآمد کرلی گئی، ملزم کیخلاف مقدمہ درج، مزید تفتیش جاری ہے۔

آئی سی سی پی او کا ڈپلومیٹک انکلیو سکیورٹی ڈویژن کا دورہ

ڈپلومیٹک انکلیو سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران اور جوانوں سے ملاقات کی

اسلام آباد (این این آئی) آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے ڈپلومیٹک انکلیو سکیورٹی ڈویژن کا دورہ کیا، افسران اور جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے ڈپلومیٹک انکلیو سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور (بقیہ نمبر 22) آفیسرز میس اور اسطبل کا افتتاح کیا۔

گیس چوری میں ملوث عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

پنجاب، خیبرپختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 461 گیس کنکشن منقطع، اور 66 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 97 کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر بھی 5 گیس کنکشن منقطع کیے گئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 461 گیس کنکشن منقطع کردیے گئے۔ جبکہ 66 لاکھ کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 20 گھریلو کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 9 کنکشن منقطع کیے گئے۔ راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 97 کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر بھی 5 گیس کنکشن منقطع کیے گئے اور 4 لاکھ 20 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے، ایک ایف آئی آر بھی درج کی گئی۔ شیخوپورہ میں غیر قانونی استعمال (بقیہ نمبر 15)

امن وامان کو برقرار رکھنے کے لئے مشترکہ فلیگ مارچ

فلیگ مارچ کا مقصد الیکشن 2024 کے دوران شہر کی سکیورٹی کو مزید موثر بنانا ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا مشترکہ فلیگ مارچ، فلیگ مارچ کا مقصد الیکشن 2024 کے دوران شہر کی سکیورٹی کو مزید موثر بنانا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل پولیس اور قانون (بقیہ نمبر 23) وفاقی دارالحکومت میں سکیورٹی انتظامات کو مزید موثر بنانے اور امن وامان کو برقرار رکھنے کے لئے

نہتے کشمیری عوام بہت جلد آزادی کی عظیم نعمت سے سرفراز ہونگے، ڈپٹی کمشنر چکوال

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر قرۃ العین ملک نے کہا ہے کہ سفاک بھارت کے زیر تسلط نہتے کشمیری عوام بہت جلد آزادی کی عظیم نعمت سے سرفراز ہونگے جس کے لئے وہ طویل عرصے سے اپنے خون کی قربانیاں دے رہے ہیں۔ انہوں نے یہ بات یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں منعقدہ یکجہتی ریلی کی قیادت کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 30)

تاندلیانوالہ: استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر وحلقہ این اے 97 سے امیدوار ہمایوں اختر خان کا علاقہ عمائدین کارنر میٹنگ میں شرکت کے لئے آمد پر استقبال کر رہے ہیں

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

یومِ یکجہتی کشمیر: اقوامِ متحدہ خاموش تماشائی کیوں؟

مقبوضہ وادیٔ کشمیر میں گزشتہ پون صدی سے زائد عرصے سے جاری بھارتی جبر وتسلط کے خلاف کشمیری عوام آج 5 فروری کو پاکستان، بھارت اور مقبوضہ وادی سمیت دنیا بھر میں یومِ یکجہتی کشمیر منا رہے ہیں۔ پاکستان میں ہر سال یہ دن سرکاری اور نجی سطح پر خصوصی اہتمام کے ساتھ منایا جاتا ہے جس کا مقصد بھارتی تسلط سے آزادی کی جدوجہد کرنے والے کشمیری بہنوں بھائیوں کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار اور ان پر بھارتی مظالم کی جانب اقوام عالم کی توجہ مرکوز کرانا ہے۔ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر آج کے دن کی مناسبت سے خصوصی اشاعتوں اور پروگرامز کا اہتمام کیا گیا ہے جبکہ بیرون ملک قائم پاکستانی مشنز کی جانب سے یومِ یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے خصوصی ریلیوں، جلسوں، سیمینارز اور تصویری نمائشوں کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ ہر سال مقبوضہ وادی میں یومِ یکجہتی کشمیر کے موقع پر پاکستان کے ساتھ اظہار محبت کیا جاتا ہے اور آج بھی مقبوضہ وادی میں جوش وجذبے کے ساتھ پاکستان سے محبت اور یکجہتی کے اظہار کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس کے برعکس بھارت نے نام نہاد یوم جمہوریہ کے موقع پر کشمیریوں کا عرصۂ حیات تنگ کرنے کے جن ریاستی ہتھکنڈوں کا آغاز کیا۔ ان کے تسلسل میں کوئی کمی نہیں آنے دی اور کالے قانون کے تحت کشمیریوں کے گھروں میں چھاپے اور تلاشی کی کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں جن کے دوران نہتے کشمیریوں کو بے دریغ گولیوں کا نشانہ بھی بنایا جا رہا ہے۔ آل پارٹیز حریت کانفرنس کے رہنما غلام احمد گلزار کے بقول بھارتی حکومت مسلمانوں کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے اور ہندو جنونیوں کو ان کی جگہ آباد کرنے پر تلی ہوئی ہے۔

کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کے بھرپور اظہار کے لیے سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے 1975ء میں اپنے دورِ حکومت میں یہ پرعزم دن منانے کا آغاز اس نام نہاد معاہدۂ کشمیر کیخلاف ملک گیر ہڑتال کی صورت میں کیا تھا جو اس وقت کے کٹھ پتلی وزیراعلیٰ شیخ عبداللہ نے اندرا گاندھی کے ساتھ ملی بھگت کے تحت مقبوضہ کشمیر کی اسمبلی میں پیش کیا تھا، بعدازاں باضابطہ طور پر یومِ یکجہتی کشمیر منانے کا سلسلہ بےنظیر بھٹو کی وزارتِ عظمیٰ کے دور میں 5 فروری 1990ء کو امیر جماعت اسلامی قاضی حسین احمد کی اپیل پر شروع ہوا جسے حکومت نے اپنی کشمیر پالیسی کا حصہ بنایا چنانچہ اب ہر سال حکومت کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر منایا جاتا ہے، جس میں قومی سیاسی جماعتوں سمیت پوری قوم شریک ہو کر غاصب بھارت کو یہ ٹھوس پیغام دیتی ہے کہ کشمیر پر اس کا تسلط بزور قائم نہیں رہ سکتا اور یواین قراردادوں کی روشنی میں استصواب کے ذریعے کشمیری عوام نے بالآخر خود ہی اپنے مستقبل کا تعین کرنا ہے۔

یہ امر واقعہ ہے کہ کشمیری عوام نے گزشتہ 76 سال سے زائد عرصہ سے غاصب اور ظالم بھارتی فوجوں اور دوسری سیکورٹی فورسز کے جبر وتشدد کو برداشت کرتے، ریاستی دہشت گردی کا سامنا کرتے اور متعصب بھارتی لیڈران کے مکر وفریب کا مقابلہ کرتے ہوئے جس صبر واستقامت کے ساتھ اپنی آزادی کی جدوجہد جاری رکھی ہوئی ہے، اس کی پوری دنیا میں کوئی مثال موجود نہیں۔ اس خطۂ ارضی پر آزادی کی کوئی تحریک نہ اتنی دیر تک چل پائی ہے، نہ آزادی کی کسی تحریک میں کشمیری عوام کی طرح لاکھوں شہادتوں کے نذرانے پیش کیے گئے ہیں اور نہ ہی آزادی کی کسی تحریک میں عفت مآب خواتین نے اپنی عصمتوں کی اتنی قربانیاں دی ہیں جتنی کشمیری خواتین اب تک ظالم بھارتی فورسز کے ہاتھوں لٹتے برباد ہوتے اپنی عصمتوں کی قربانیاں دے چکی ہیں۔ کشمیر کی آزادی کی تحریک انسانی تاریخ کی بے مثال تحریک ہے۔ جس کی پاکستان کے ساتھ الحاق کے حوالے سے منزل بھی متعین ہے۔ اس تناظر میں کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی درحقیقت پاکستان کی تکمیل واستحکام کی جدوجہد ہے جس کا دامے درمے قدمے سخنے ہی نہیں، عملی ساتھ دینا بھی پاکستان کے حکمرانوں اور عوام کی بنیادی اخلاقی ذمہ داری ہے۔

یہ حقیقت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ تقسیم ہند کے ایجنڈے کے تحت مسلم اکثریتی آبادی کی بنیاد پر کشمیر کا پاکستان کے ساتھ الحاق ہونا تھا جبکہ بانیٔ پاکستان قائداعظم نے کشمیر کی جغرافیائی اہمیت کے تناظر میں اسے پاکستان کی شہ رگ قرار دیا اور جب اس شہ رگ پر 1948ء میں بھارت نے زبردستی اپنی فوجیں داخل کر کے تسلط جمایا تو قائداعظم نے افواج پاکستان کے اس وقت کے کمانڈر انچیف جنرل ڈگلس گریسی کو دشمن سے شہ رگ پاکستان کا قبضہ چھڑانے کے لیے کشمیر پر چڑھائی کا حکم بھی دیا۔ گریسی نے اس حکم پر عمل کیا ہوتا تو کشمیر کا مسئلہ کبھی پیدا ہی نہ ہوتا جبکہ بھارت نے کشمیر پر جبراً قبضہ جما کر وادیٔ کشمیر کو متنازعہ بنایا اور پھر خود ہی اس مسئلہ کے حل کے لیے اقوام متحدہ سے رجوع کر لیا۔ جس پر یواین جنرل اسمبلی اور سلامتی کونسل نے اپنی الگ الگ قراردادوں کے ذریعے کشمیری عوام کے حق خودارادیت کو تسلیم کیا اور کشمیر میں استصواب کے اہتمام کا حکم دیا تو بھارت نے اپنے آئین میں ترمیم کر کے مقبوضہ وادی کو باقاعدہ اپنی ریاست کا درجہ دے دیا۔ بھارتی جبر کے انہی ہتھکنڈوں نے کشمیر کی تحریک آزادی کو مہمیز دی اور آزادی کے لیے کشمیری عوام کی تڑپ کبھی سرد نہیں ہونے دی۔ وہ اپنی آزادی کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے سمیت جو بھی ہو سکتا ہے، کر رہے ہیں۔ انھوں نے بھارتی تسلط کبھی قبول نہیں کیا۔

بے روزگار نوجوانوں کو جیل بھیج دیا جائے

رفیع صحرائی

گزشتہ سال ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی جس میں ایک نوجوان کو چار پانچ لوگ زبردستی گھسیٹتے ہوئے لا رہے ہیں۔ وہ نوجوان ان کی گرفت سے نکلنے کی پوری کوشش کر رہا ہے مگر کامیاب نہیں ہو پا رہا۔ صاف محسوس ہو رہا ہے کہ وہ لوگ اسے اغواء کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یہ واقعہ دن کے وقت بھری پری شاہراہ پر پیش آ رہا ہے۔ اس نوجوان کی قمیض بری طرح پھٹ چکی ہے اور چیتھڑوں کی صورت میں اس کے جسم پر لٹک رہی ہے۔ ٹریفک رواں دواں ہے۔ لوگ پیدل بھی پاس سے گزر رہے ہیں۔ وہ اس وقوعے کو دیکھتے ہوئے جا رہے ہیں مگر کوئی بھی نوجوان کی مدد کو آگے نہیں بڑھ رہا۔ میں راہگیروں کی بے حسی پر حیران ہوتا ہوں کہ کوئی ایک فرد بھی اس مظلوم نوجوان کا ساتھ نہیں دے رہا حالانکہ اغواء کاروں میں سے کسی کے ہاتھ میں معمولی سا اسلحہ بھی موجود نہیں ہے۔ شاید لوگ پرائے پھڈے میں ٹانگ اڑانے سے ڈر رہے ہیں۔ وہ لوگ نوجوان کو دھکیلتے ہوئے ایک سفید رنگ کی کار کے قریب لاتے ہیں۔ ان میں سے ایک آدمی کار کا دائیں طرف کا پچھلا دروازہ کھولتا ہے کہ اس نوجوان کو زبردستی کار میں دھکیلا جائے۔ کار کو دیکھ کر پھٹی قمیض والے نوجوان کی اغواء کاروں کی گرفت سے نکلنے کی جدوجہد میں شدت آ جاتی ہے۔ وہ پارے کی طرح مچلنے لگتا ہے۔ اس کشمکش میں اس کی قمیض مزید چیتھڑوں میں بٹ جاتی ہے مگر وہ ہر بات سے بے نیاز ان لوگوں کے چنگل سے نکلنے کی بھرپور جدوجہد کر رہا ہے جبکہ تین چار راہ گیر بالکل پاس ہی کھڑے ہو کر "تماشا" دیکھنے میں مصروف ہیں۔ مجھے ان راہگیروں کی بے حسی پر شدید غصہ آ رہا ہے کہ اگر خود اس مظلوم نوجوان کی مدد نہیں کر سکتے تو کم از کم شور تو مچا سکتے ہیں۔ شاید ان کے شور سے ہی دو چار لوگ بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگے بڑھ آئیں اور وہ نوجوان ان کے ہاتھوں اغواء ہونے سے بچ جائے۔ کوئی راہگیر 15 پر کال ہی کر دے تو پولیس موقع پر پہنچ کر نہ صرف اغواء کی واردات کو ناکام بنا سکتی ہے بلکہ اغواء کار بھی رنگے ہاتھوں گرفتار ہو سکتے ہیں۔

ہمارے ملک میں لاقانونیت اس قدر عام ہو چکی ہے کہ ہر شخص نے لاٹھی ہاتھ میں پکڑی ہوئی ہے اور جہاں بھینس نظر آتی ہے اس کو ہانکنا شروع کر دیتا ہے۔ اگر مجرموں کو سزا دینے کا رواج ہوتا تو کس کی مجال تھی کہ یوں سرعام قانون کو ہاتھ میں لیتا، نہ صرف ہاتھ میں لیتا بلکہ اسے لیر لیر کر دیتا۔ میں مٹھیاں بھینچ کر غصے سے پیچ وتاب کھا رہا تھا اور آزاد ہونے کی جدوجہد کرتے نوجوان کے ساتھ تصور میں زور لگا رہا تھا کہ کسی طرح اس کی جان بچ جائے۔ اب اغواء کاروں نے اسے گھیرے میں لے لیا تھا۔ ان کا انداز بالکل ایسا ہی تھا جیسے کسی مرغے کو گھیر کر پکڑا جاتا ہے۔ نوجوان نے بھی ہمت نہیں ہاری تھی۔ جب جان پر بنی ہو تو آدمی میں دس گنا طاقت آ جاتی ہے۔ وہ ان کی گرفت سے نکل نکل جاتا تھا۔ اس دوران اس کے جسم پر موجود قمیض کے چیتھڑے پھٹ کر اغواء کاروں کے ہاتھوں میں رہ جاتے تھے جبکہ وہ نوجوان مچھلی کی طرح ان کی گرفت سے پھسل جاتا تھا۔ اغواء کار بظاہر اناڑی لگ رہے تھے جن سے ایک نوجوان نہیں سنبھل رہا تھا۔ سرعام اتنی بڑی واردات انجام دینے کی اگر دلیری کر لی تھی تو پستول نکال کر ایک آدھ فائر کر کے اس نوجوان کو ڈرا دھمکا کر مقصد پورا کیا جا سکتا تھا۔ میں دل ہی دل میں دعا کر رہا تھا کہ ان لوگوں کا دھیان اس طرف نہ ہی جائے تو اچھا ہے۔ شاید وہ نوجوان ان کے چنگل سے بچ نکلے۔

اچانک اس نوجوان نے جیسے غوطہ لگایا اور ان لوگوں کا گھیرا توڑ کر بھاگ نکلا۔ پکڑنے والے اسے دور جاتا دیکھتے رہے مگر اس کے پیچھے بھاگنے کی کسی نے ہمت نہ کی۔ میں جو سانس روکے یہ ویڈیو دیکھ رہا تھا اس نوجوان کی جان بچ جانے پر خدا کا شکر ادا کرنے لگا۔ واقعی اس بہادر جوان نے جان ہتھیلی پر رکھ کر اور بے پناہ جرأت کے ساتھ ان کا مقابلہ کیا تھا۔

اچانک میری نظر اس ویڈیو کے نیچے لکھی ہوئی تحریر پر پڑی تو ساری کہانی ہی بدل گئی۔ لکھا تھا کہ عبدالمجید عمرانی نام کا وہ نوجوان نوشہرو فیروز جیل میں منشیات کے مقدمہ میں دفعہ نائن سی کے تحت قید تھا جہاں سزا پوری ہونے کے بعد اسے رہائی ملی تو اس نے جیل سے نکلنے سے انکار کر دیا۔ جب اسے زبردستی جیل سے باہر نکالا گیا تو اس نے دوبارہ جیل کے اندر گھسنے کی کوشش کی۔ اس کا کہنا تھا کہ اس مہنگائی کے دور میں گھر جا کر کیا کرے گا۔ بے روزگاری کی وجہ سے بھوکوں ہی مرے گا اس لیے بہتر ہے کہ وہ جیل میں رہے جہاں کھانا تو ملتا ہے۔ جب جیل انتظامیہ اسے جیل کے دروازے سے ہٹانے میں ناکام رہی تو اس نے عبدالمجید کے ورثاء سے رابطہ کیا اور اسے ان کے حوالے کر دیا مگر وہ بھی اسے گھر لے جانے کی کوشش میں کامیاب نہ ہو سکے۔

یہ ویڈیو نہیں بلکہ 76 سال سے ملکی وسائل پر قابض اشرافیہ کے منہ پر زناٹے دار تھپڑ ہے کہ خود غرض اور حریص اشرافیہ نے عام لوگوں سے روزگار اور دو وقت کا نوالہ بھی چھین لیا ہے۔ ملک کو معاشی طور پر بدحال کر کے معیشت کا بیڑا غرق کر دیا گیا ہے۔ عوام ٹیکس دے دے کر کنگال ہو گئے ہیں مگر مراعات یافتہ طبقے کے پیٹ بھرنے میں ہی نہیں آ رہے۔ ہر دور حکومت میں وزیروں مشیروں کی فوج اور افسر شاہی کی مراعات نے عوام کو وینٹی لیٹر پر پہنچا دیا ہے۔ عبدالمجید کی ویڈیو دیکھنے کے بعد مجھے ڈر تھا کہ بے روزگار نوجوانوں کو کہیں یہ راہ نہ بھائی دے جائے کہ چھوٹا موٹا جرم کر کے سال چھ مہینے کے لیے سرکار کے "مہمان" بن جائیں اور باہر آنے کے بعد دوبارہ کوئی جرم کر کے سرکاری مہمان بن جائیں۔

امریکہ کی یمن پر بمباری ایک بڑی غلطی



تحریر۔۔۔ ہُما سعید

امریکہ کی یمن پر بمباری ایک بڑی غلطی ہوگی اگر آپ کو لگتا ہے کہ یمن میں نئے جنگ یمن تک محدود ہوگی تو دوبارہ سوچ لیں۔ اس سے خطے میں امریکی اور برطانوی فوجی اڈوں کے لیے جہنم کھل جائے گا۔ یمنی نڈر ہیں اور ان کے پاس کھونے کو کچھ بھی نہیں ہے۔ وہ آسانی سے پورے خطے کو آگ لگا دیں گے۔ نہ تو یمن سے باہر ان کی ٹارگٹ کی صلاحیت کو کم سمجھیں، نہ دوسرے گروہوں کے ساتھ ان کے گہرے اتحاد کو کم سمجھیں۔ امریکہ ان گروپس کے ساتھ مڈل ایسٹ میں زور آزمائی کر کے مار کھا چکا ہے اور ان لوگوں نے امریکی طاقت کے غبارے سے ہوا نکال دی۔

ہم نے ابھی ابھی عراقی مزاحمتی فورس کے امریکی اڈوں پر نئے حملے دیکھے ہیں۔ دوسری جانب اسرائیل کی کرائے کی فوجیں حماس سے زمینی جنگ میں بری طرح مار کھا رہی ہیں کیونکہ انگور یلا وارفیئر کے بارے کچھ نہیں پتا اور غزہ ان کے لیے جہنم بن چکا ہے اسرائیل محض اپنے ہوائی اسلحے کی طاقت پر غرور کر رہا ہے وہ بھی جو امریکہ نے دیا ہے۔ سب جانتے ہیں کہ اس سال بڑی علاقائی جنگ چھڑ جائے گی۔ ایسا لگتا ہے کہ اب یہ پوائنٹ آف نو ریٹرن میں داخل ہو رہا ہے۔ انصاف کے تمام محافظ، صداقت کے سپاہی اور عزت کے محافظ آج یمنی ہیں کیونکہ یہ ہزاروں میل دور اپنے بھائیوں کی مدد کے لئے لڑنے اور قربانیاں دینے کو تیار ہیں مسلمانوں کو بتایا گیا تھا کہ یمنی شیعہ حوثی باغی ایرانی پروپیگنڈے کے تحت سعودی عرب کے خلاف کام کر رہے ہیں اور اصل ایجنڈا کعبہ پر قبضہ کرنا ہے، مگر مڈل ایسٹ کی جنگ کی جغرافیہ دیکھیں تو آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جاتی ہیں۔ کس طرح ایران اور اتحادیوں نے امریکہ واسرائیل کو پھنسانے کے لیے جال بچھایا۔ ایران نے عراق پر امریکی تسلط کو اکھاڑا، حزب اللہ نے لبنان میں اسرائیلی سرحدی علاقے کا کنٹرول حاصل کیا اور حوثیوں نے یمن کے اسی سمندری علاقے کی جانب، بحیرہ احمر راہداری کا، جہاں سے ایشیا سے سامان اور پیٹرولیم مصنوعات کے بحری جہاز اسرائیل اور یورپ و امریکہ جاتے ہیں حوثیوں کے حملوں سے اس سمندری راستے کی بندش اور ترسیلات کی بندش یورپ و امریکہ کو گھٹنوں پہ لے آئے گی معیشت کو بڑا نقصان اور یورپی ممالک میں مہنگائی اور قحط کی صورتحال ہوگی اگرچہ بحری جہاز افریقہ سے ہو کر بھی جا سکتے ہیں مگر افریقی راستہ بھی ترسیلات میں مہنگائی کا سبب بنے گا یہی وجہ ہے کہ امریکہ اکیلا لڑنے کو تیار نہیں وہ عربوں اور یورپینز کو بھی گھسیٹ رہا ہے تاکہ مڈل ایسٹ کی بڑی جنگ کا الزام تنہا امریکہ پر نہ آئے اور ایران کو طیش دلانے کی کوشش کر رہا ہے تاکہ ایران پہلے حملہ کرے اور جواز پیدا ہو جائے مگر ایران کئی دہائیوں سے اگلی صدیوں کی پلاننگ کر رہا ہے ایران اور اتحادی امریکہ کو امریکی چالوں سے ہی چت کر رہے ہیں اور امریکہ کو کھینچ کر جہنم کے دروازے تک لے آئے ہیں اب جواز امریکہ بنے گا اپنی ہی تباہی کا یہ جنگ ہر لحاظ سے امریکہ اور اتحادیوں کے لئے بہت بڑا ڈیزاسٹر ہوگی۔ آج بنی نوع انسان کے تمام شرف یمن کے ساتھ ہیں اور پوری انسانیت کا مقدر یمنی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ان لوگوں نے انسانی وقار کے دفاع کے لئے مزاحمتی جنگ لڑی، بغیر کسی لالچ اور منافع بخش حصول کے۔ کیونکہ ایسا نہیں ہو سکتا کہ امریکہ دنیا بھر میں اپنے فوجی اڈے بنائے، فرقہ واریت پیدا کرے، سول وار کروائے، معاشی طور پر ملکوں کو غلام بنائے، معاشی پابندیاں لگائے اور جس ملک پر مرضی چڑھ دوڑے۔ یہ محض اسلام یا مسلمانوں کے دفاع کی جنگ نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے موقع اور مثال ہے۔ آج ہم بنا کسی دھندلاہٹ کے دیکھ سکتے ہیں کہ وہ کون ہیں جنہوں نے خطے میں ہر محاذ پر امریکی فسطائیت کا مقابلہ کیا اور وہ کون ہیں جو ہاتھ ملا چکے ہیں کچھ نارملائزیشن کر چکے ہیں اور کچھ نارملائزیشن کرنے کے لیے مرے جا رہے ہیں تاریخ بہادر یمن کو یاد رکھے گی، جس نے وہ کیا جو دوسرے کرپٹ اور بزدل عرب رہنما نہیں کر سکے، فتح مظلوم کی ہے ہمیشہ کے لیے پھر وہ کربلا ہو یا یمن، ایران، عراق، شام و لبنان و فلسطین ویتنام و افغانستان و کشمیر۔۔۔۔۔۔

پرسکون سماجی زندگی

چمن کی فکر
فخر الزمان سرحدی
Fakharzaman085@gmail.com

پیارے قارئین! آج کا کالم بہت اہم ہے۔ اس میں سماجی زندگی میں درپیش مسائل اور زندگی پرسکون بنانے کی ضرورت پر بات کرنا مقصود ہے۔ بقول حمایت علی شاعر:

اس کے غم کو غم ہستی تو میرے دل نہ بنا
زیست مشکل ہے اسے اور بھی مشکل نہ بنا

وہ سماج اور معاشرہ کتنا مظلوم تصور ہوتا ہے جہاں نفرت کے چراغ جلتے ہوں، حقارت کے انگارے دہکتے ہوں۔ یہی حقیقت تو اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ انسانیت کا معیار تو اخلاق حسنہ اور شگفتہ مزاجی کے فلسفہ میں پنہاں ہے۔ معاشرتی بے چینی اور سماجی رابطوں کے نایاب سلسلے تو اس کے عکاس ہیں۔ بقول عبدالجلیل عباد جرمنی:

ہر طرف زردی خزاں کی جا بجا آہ و فغاں
یہ چمن تو اس طرح سے بے اماں پہلے نہ تھا

عصر نو کا منظرنامہ اس قدر پریشاں نظری کا عکاس ہے کہ انسانیت کون سے دوراہے پر کھڑی ہے؟ شاید کبھی آپ نے بھی اس پہلو پر غور کیا ہو ہر طرف پریشانیوں کی فضا ہے۔ نفسا نفسی کا عالم ہے۔ ایسے میں اسلامی تعلیمات کے مخزن سے دلوں کو روشن اور منور کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ حقیقت تو روز روشن کی طرح عیاں بھی ہے کہ معاشرہ اور سماج جب پرسکون ہوتا ہے تو موج حیات میں بھی ایک روانی ہوتی ہے۔ زندگی چونکہ ایک پرامن ماحول کا تقاضا کرتی ہے۔ بہترین زندگی کا سفر زبان کے بہترین استعمال سے ہی طے ہوتا ہے۔ کامیاب انسان کی علامت بھی یہی ہوتی ہے کہ وہ دوسروں کے جذبات واحساسات کا خیال رکھتا ہے۔ عفو ودرگزر اس کا معمول ہوتا ہے۔ دوسروں کی عزت نفس کا خیال رکھنا ہی معراج انسانیت ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ زندگی تو ایک کھلتا گلاب ہے۔ اس کی خوشبو سے ہی گوشہ حیات میں رونق ہے۔ انسان سے رب کریم کی محبت ایک سچی حقیقت ہے۔ انسان کا بلند رتبہ اسی ذات اقدس نے بنایا ہے۔ انسان کی سرشت میں ہے کہ مل جل کر رہنا پسند کرتا ہے تو پھر احساس محبت ہی اجاگر کیا جائے؟ تو اس کے اثرات بھی مثالی ثابت ہوتے ہیں۔ خوبصورتی کا اصل راز تو حسن اخلاق ہے۔ یہی بات تو معلم انسانیت نے بھی بتائی۔ اخلاقیات سے ہی معاشرہ اور سماج خوبصورتی کی علامت بن سکتا ہے۔ پرسکون زندگی وقت کی ضرورت ہے۔ نفرت کی دیواریں گرا کر محبتوں کے گھروندے بنانے کی ضرورت ہے۔ عزت نفس کا پاس کرنا، ایمان کی حفاظت اور قناعت سے اور یاد الٰہی سے سکون اور اطمینان کی دولت مل سکتی ہے۔ معاشرتی انتشار سے زندگی مشکلات سے دوچار ہوتی ہے۔ نیز طبقاتی تقسیم سے بھی پرسکون زندگی متاثر ہوتی ہے۔ اس ضمن میں نوجوان نسل کی سرگرمیوں اور مصروفیات کی نگرانی کی ضرورت ہے۔ گھر اور معاشرہ کا چونکہ گہرا ربط ہوتا ہے اس لیے ہر ایک کے مثبت کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ تاکہ معاشرتی امن برقرار رہے اور معاشرہ اور فرد کے روابط مزید گہرے ہیں۔ تاکہ امن اور سکون کی کیفیت کو تقویت مل پائے۔

برسوں سے پوشیدہ کم حجم کہکشاں دریافت

میڈرڈ: ماہرین فلکیات نے ایک ایسی کم حجم کہکشاں دریافت کی ہے جس کو کائنات کے متعلق موجودہ معلومات کی تناظر میں نہیں سمجھا جا سکتا۔ 'نیوب' نامی یہ پُراسرار مبہم کہکشاں اپنے مرکز میں بھاری مقدار میں ڈارک میٹر اور کم حجم ہونے کی وجہ سے منفرد ہے۔ ان غیر معمولی خصوصیات کا مطلب ہے کہ نیوب کہکشاں میں موجود ستارے انتہائی پھیلے ہوئے ہیں اور اس ہی وجہ سے کہکشاں بمشکل ہی کوئی روشنی خارج کرتی ہے جس کے سبب سالوں تک اس کی نشان دہی نہیں ہو سکی۔ اسپین کے انسٹیٹیوٹ آف آسٹرو فزکس آف دی کینیری آئی لینڈ اور یونیورسٹی آف لالاگونا کے محققین کی جانب سے کی جانے والی دریافت کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ یہ کہکشاں اس سائز کی دیگر کہکشاؤں کے مقابلے میں 10 گنا زیادہ مبہم ہے۔

انسٹیٹیوٹ آف آسٹرو فزکس آف دی کینیری آئی لینڈ سے تعلق رکھنے والی تحقیق کی سربراہ مصنفہ میریا مونٹیز کے مطابق ہماری موجودہ معلومات کے ساتھ ہم نہیں جانتے کہ اتنی صفات والی کہکشاں کیسے وجود رکھ سکتی ہے۔ سائنس دانوں کا ماننا ہے کہ یہ کہکشاں ملکی وے کہکشاں سے 30 کروڑ نوری سال کے فاصلے پر موجود ہے لیکن اس کے حتمی مقام کا تعین کرنے کے لیے مزید تحقیقات کی ضرورت ہے۔ کہکشاں کی روشنی مدھم ہونے کی وجہ اس میں موجود بڑی مقدار میں ڈارک میٹر ہے۔ ڈارک میٹر درحقیقت روشنی یا توانائی کی عدم موجودگی ہوتی ہے جو اس کو مکمل طور پر ناقابل دید بنا دیتی ہے لہٰذا روایتی سینسر اور آلات ان کو ڈھونڈ نہیں پاتے۔

SHOWBIZ شوبز

تعریفوں کے باعث لڑکیاں خود کو حسین سمجھتی ہیں

سوشل میڈیا کی وجہ سے لوگوں کی شادیاں نہیں ہو رہیں، ژالے سرحدی



کراچی (این این آئی) پاکستانی معروف ماڈل و اداکارہ ژالے سرحدی کا کہنا ہے کہ آج کل سوشل میڈیا کی وجہ سے لوگوں کی شادیاں نہیں ہو رہیں کیونکہ اب لوگ بہتر سے بہتر کی تلاش میں رہتے ہیں۔ حال ہی میں ژالے سرحدی نے نجی چینل کے شو میں بطور مہمان شرکت کی اور اپنے کیریئر سمیت نجی زندگی کے حوالے سے کھل کر گفتگو کی۔ دوران شو اداکارہ سے سوال کیا گیا کہ آپ سوشل میڈیا پر بہت خوش نظر آتی ہیں تو کیا اصل زندگی میں بھی اتنی ہی خوش رہتی ہیں؟ اداکارہ نے جواب دیا کہ خوشیاں بانٹنے سے بڑھتی ہیں۔ اس لیے وہ اپنے خوشگوار لمحات مداحوں کے ساتھ

کرینہ، تبو کی فلم "The Crew" 29 مارچ کو ریلیز ہوگی

کرینہ کپور نے انسٹاگرام پر فلم کا ٹیزر جاری کرتے ہوئے مداحوں کو خبر دی کہ وہ تیار ہو جائیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی تین نامور اداکاراؤں کرینہ کپور، تبو اور کریتی سینن پر مشتمل فلم 'دی کریو' کی ریلیز تاریخ سامنے آ گئی۔ کرینہ کپور نے انسٹاگرام پر فلم کا ٹیزر جاری کرتے ہوئے مداحوں کو خبر دی کہ وہ تیار ہو جائیں فلم رواں برس 29 مارچ کو سینما گھروں کی زینت بننے والی ہے۔ معروف کامیڈین اداکار کپل شرما اور پنجابی سپر اسٹار اداکار دلجیت دوسانجھ بھی فلم میں کرینہ کپور، تبو اور کریتی سینن کے ساتھ نظر آئیں گے۔ فلم کو ریا کپور اور ایکتا کپور مل کر پروڈیوس کر رہی ہیں جبکہ اس فلم میں پہلی مرتبہ تینوں اداکارائیں ایک ساتھ اسکرین شیئر کر رہی ہیں۔ 'دی کرو' کی کہانی ایئر لائن انڈسٹری کے تناظر میں تین خاتون ایئر ہوسٹس کے گرد گھومتی ہے جو ایک غیر متوقع واقعہ کے بعد کامیڈی سے بھرپور پیچیدہ کہانی میں پھنس جاتی ہیں۔

ثانیہ مرزا نے بیٹے اذہان ملک، بھانجی کو اپنی لائف لائن قرار دیدیا

ثانیہ مرزا اس وقت دبئی میں اپنے والدین، بہن کے ساتھ وقت گزار رہی ہیں

ممبئی (این این آئی) بھارت کی سابقہ ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا نے بیٹے اذہان ملک اور بھانجی کے ہمراہ سوشل میڈیا پر تصویر شیئر کر دی۔ ثانیہ مرزا نے اپنے انسٹاگرام پر جاری تصویر کو کیپشن دیا ہے "لائف لائنز"۔ پاکستان کے سابق کپتان شعیب ملک سے علیحدگی کے بعد ثانیہ مرزا اس وقت دبئی میں اپنے والدین اور بہن کے ساتھ وقت گزار رہی ہیں ساتھ ہی وہ سوشل میڈیا پر بھی کافی متحرک نظر آ رہی ہیں۔ ان ہی دنوں میں ثانیہ مرزا کی اپنی بھانجی کے ساتھ اچھی قربت ہو گئی، وہ بیٹے اذہان کے ساتھ تصاویر میں بھانجی کو بھی اکثر شامل کرتی ہیں۔ نئی تصویر میں ثانیہ مرزا نے ان دونوں بچوں کو اپنی لائف لائن قرار دیا۔

تھلاپتی وجے کا فلم انڈسٹری چھوڑنے کا اعلان

49 سالہ وجے کی پارٹی کے ارکان 2026 کے الیکشن میں حصہ لیں گے

ممبئی (این این آئی) جنوبی بھارت سے تعلق رکھنے والے تامل فلموں کے معروف اداکار تھلاپتی وجے نے فلم انڈسٹری چھوڑنے اور سیاست میں آنے کا اعلان کیا ہے۔ اس حوالے سے انہوں نے آج اپنی سیاسی جماعت کا بھی اعلان کیا، کافی عرصے سے یہ توقع کی جا رہی تھی کہ وہ اب سیاست کی جانب مراجعت کرنے والے ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اپنی باقی رہ جانے والی دو فلموں کی تکمیل کے بعد وہ تامل ناڈو میں سیاست داں بننے کے لیے فلم انڈسٹری کو خیرباد کہہ دیں گے۔ واضح رہے کہ وہ ان دنوں اپنی آئندہ آنے والی فلم گاٹ کی شوٹنگ کر رہے ہیں۔

فیض احمد فیض کی 113 ویں سالگرہ 13 فروری کو منائی جائیگی

ملکوآنہ (این این آئی) اردو ادب کے عظیم شاعر فیض احمد فیض کی 113 ویں سالگرہ 13 فروری کو منائی جائے گی سالگرہ کے حوالے سے فیصل آباد سمیت دنیا بھر میں ان کے مداح تقریبات کا اہتمام کریں گے جس میں کیک کاٹے جائیں گے جبکہ ان کی شاعری پر مبنی محافل موسیقی کے پروگرام اور دیگر تقریبات منعقد ہوں گی جس سے ملکی وغیر ملکی ادبی شخصیات فیض احمد فیض کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔ معروف ترقی پسند شاعر فیض احمد فیض 13 فروری 1911ء کو سیالکوٹ کے ایک مذہبی گھرانے میں پیدا ہوئے وہ ترقی پسند شاعر اور دانشور وصحافی تھے وہ بلاشبہ مرزا غالب اور علامہ اقبال کے بعد سب سے زیادہ پڑھے جانے والے اردو شاعر ہیں۔

نازش جہانگیر نے جیون ساتھی کی خوبیاں گنوا دیں

ایسا لڑکا بھی نہیں چاہیے جس کی ماضی میں کوئی ایک بھی گرل فرینڈ نہ رہ چکی ہو

لاہور (این این آئی) خوبرو پاکستانی اداکارہ نازش جہانگیر نے جیون ساتھی میں پائی جانے والی خوبیاں بتا دیں۔ اداکارہ و ماڈل نازش جہانگیر ایک پوڈ کاسٹ میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے اپنی پروفیشنل ونجی زندگی کے حوالے سے کھل کر اظہار خیال کیا۔ پوڈ کاسٹ کے دوران میزبان نے اداکارہ سے سوال پوچھا کہ آپ کا ہونے والا خاوند کس طرح کا ہونا چاہیے؟ سوال کے جواب میں نازش نے مسکراتے ہوئے کہا کہ اس میں کوئی ایک خوبی نہیں بلکہ کئی خوبیاں ہونی چاہئیں جیسا کہ اس کا چہرہ اچھا ہو، نام اچھا ہو۔

رنبیر کی وجہ سے فلم دل دھڑکنے دو میں کام کرنے کیلئے تیار ہوا، انیل کپور

رنبیر کی فلم اینیمل 2023 کی سب سے زیادہ آمدنی والی فلم ثابت ہوئی



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر اداکار انیل کپور نے انکشاف کیا کہ انہوں نے 2015 کی زویا اختر کی فلم دل دھڑکنے دو میں کام اسلیے کیا کیونکہ ابتدا میں یہ فلم رنبیر کپور کر رہے تھے۔ یاد رہے کہ رنبیر کی فلم اینیمل 2023 کی سب سے زیادہ آمدنی والی فلم ثابت ہوئی، جس میں انیل کپور اور رنبیر باپ بیٹے کے کرداروں میں تھے۔ دوسری جانب یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ 67 سالہ انیل کپور فلموں میں باپ کا کردار ادا کرنے سے ہچکچاتے ہیں، لیکن اسکے باوجود انہوں نے دل دھڑکنے دو میں زویا اختر کی یہ پیشکش اس لیے قبول کی کیونکہ پہلے اس فلم میں رنبیر کام کر رہے تھے۔ اینیمل کی او ٹی ٹی پریمیئر کے چند روز بعد نیٹ فلیکس انڈیا کے ایک پروگرام میں گفتگو کے دوران جہاں یہ دونوں موجود تھے انیل کپور نے اس بات کا بھی انکشاف کیا۔ اس موقع پر رنبیر نے انیل کپور کی بات شروع ہونے سے قبل ہی بتایا کہ سنجے لیلا بھنسالی کی فلم (سانوریا 2007) انکی ڈیبیو فلم تھی۔

SPORTS سپورٹس

لاہور: پولو پنجاب کے زیر اہتمام لیگ آف پنجاب پولو کپ کے چوتھے روز ایف سی پاولو اور بی این پولو کے درمیان کھیل کا منظر۔ (فوٹو این این آئی)

پی سی بی کا نیا چیئرمین کون ہوگا؟ فیصلہ (آج) ہوگا

نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نئے چیئرمین پی سی بی کے لیے مضبوط امیدوار

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے نئے چیئرمین کا انتخاب آج (منگل) ہوگا، نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نئے چیئرمین پی سی بی کے لیے مضبوط امیدوار ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے نئے چیئرمین کے انتخاب کے لیے پی سی بی گورننگ بورڈ کا خصوصی اجلاس آج بروز منگل کو ہوگا، اجلاس الیکشن کمشنر شاہ خاور نے طلب کیا ہوا ہے۔ اجلاس دوپہر 2 بجے نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں ہوگا، گورننگ بورڈ میں پیٹرن کے 2 نمائندے محسن نقوی اور مصطفیٰ رمدے شامل ہیں، ان کے علاوہ آزاد جموں کشمیر، ڈیرہ مراد جمالی، لاڑکانہ، بہاولپور، سوئی ناردرن گیس، غنی گلاس، اسٹیٹ بینک اور پی ٹی وی گورننگ بورڈ کا حصہ ہیں۔ وزارت بین الصوبائی رابطہ کے سیکریٹری یا کوئی اور نمائندے نان ووٹنگ ممبر کی حیثیت سے شریک ہوں گے۔ محسن نقوی پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین کے لیے مضبوط ترین امیدوار ہیں۔ وہ اس وقت نگران وزیراعلیٰ پنجاب کی ذمے داریاں نبھا رہے ہیں۔

ندیم پہلوان کو پاکستان دیسی کشتی کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا

ڈی جی سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل اور آصف ستار نے نوٹیفکیشن دیا

لاہور (این این آئی) ندیم پہلوان کو پاکستان دیسی کشتی کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل اور صدر پنجاب ریسلنگ ایسوسی ایشن ارشد ستار نے باضابطہ نوٹیفکیشن دیا۔ ندیم پہلوان نے چیئرمین دیسی کشتی نامزدگی پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ پہلے بھی کشتی کے کھیل کے فروغ کے لیے اپنی کاوشیں کر رہا تھا اور اب مزید جوش وجذبے سے اپنا کردار ادا کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پہلوانوں کو کھاڑوں میں میٹ فراہم کرے اس کے ساتھ ساتھ پہلوانوں کو سرکاری محکموں میں ملازمتیں بھی دی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں تمام کھاڑوں کو رجسٹرڈ کیا جائے اور انہیں مالی معاونت کے لئے فنڈز دیئے جائیں تاکہ پہلوانوں کی بہترین تربیت ہو سکے اور وہ عالمی مقابلوں میں شرکت کر کے ملک کے لئے میڈلز لے کر آئیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھی قابل فخر ہے کہ عالمی مقابلوں میں آج تک پاکستان کیلئے سب سے زیادہ میڈلز پہلوانوں نے جیتے ہیں۔ اور ہم مشترکہ کاوشوں سے اس کھیل کی ترقی میں مزید کردار ادا کریں گے۔

پاکستانی کھلاڑی محمد عرفان کو آئیکون کھلاڑی چن لیا

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشین لیجنڈز لیگ کے لئے 5 فرنچائزز کا اعلان کر دیا ہے۔ جنہوں نے اپنے اپنے آئیکون کھلاڑی چن لئے ہیں۔ سابق بھارتی کھلاڑی اور لیگ کمشنر چیتن شرما کے مطابق فرنچائزز کو پاکستان سٹارز، بھارت رائلز، افغان پٹھانز، سری لنکن لائنز اور بنگال ٹائیگرز کے نام دیئے گئے۔

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل اور ارشد ستار ندیم پہلوان کو چیئرمین پاکستان دیسی کشتی نامزدگی کا نوٹیفکیشن دے رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

ایس پی ایل میں میرپور خاص ٹائیگرز کا حصہ بننے پر خوش ہوں، شعیب اختر

ایونٹ کے انعقاد میں سندھ پریمیئر لیگ انتظامیہ کی بڑی کاوشیں ہیں

کراچی (این این آئی) سابق ٹیسٹ کرکٹر شعیب اختر نے کہا ہے کہ سندھ پریمیئر لیگ کیلئے دبئی سے خصوصی طور پر کراچی آیا ہوں، کامیاب ایونٹ پر سندھ پریمیئر لیگ کی انتظامیہ کو مبارک باد دیتا ہوں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شعیب اختر نے کہا کہ سندھ پریمیئر لیگ میں میرپور خاص ٹائیگرز کا حصہ بننے پر خوشی محسوس کر رہا ہوں، مجھے میرپور خاص ٹائیگرز کا برانڈ ایمبیسڈر بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ پریمیئر لیگ کے انعقاد کا فیصلہ بہت اچھا ہے، لیگ کی تمام فرنچائزز نے نوجوان کھلاڑیوں کو پلیٹ فارم فراہم کیا ہے۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر شعیب اختر نے کہا کہ ایونٹ کے انعقاد میں سندھ پریمیئر لیگ انتظامیہ کی بڑی کاوشیں ہیں۔

آپ زندگی میں جو کرنا چاہتے ہیں وہ ضرور کریں، شعیب ملک

آپ 20 سال بعد ہی سہی آپ وہ ہی کریں جو آپ چاہتے ہیں، سابق کپتان



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شعیب ملک نے کہا ہے کہ آپ زندگی میں جو کرنا چاہتے ہیں وہ ضرور کریں، دوسرے کیا کہہ رہے ہیں، اس کی فکر نہیں کرنی چاہیے کیونکہ لوگ تو کہیں گے ہی ان کا یہی کام ہے۔ حال ہی میں پاکستانی اداکارہ ثنا جاوید کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے والے شعیب ملک کا ایک انٹرویو کلپ سوشل میڈیا پر گردش کر رہا ہے۔ مذکورہ وائرل کلپ میں شعیب ملک کو دیکھا جا سکتا ہے، انہوں نے نجی چینل کے سیر وسیاحت پر مبنی شو میں بطور مہمان شرکت کی اور اپنے مختلف ملکوں کے دوروں کے دوران پیش آنے والے دلچسپ واقعات بھی سنائے۔ دوران انٹرویو ایک سوال کے جواب میں انہوں نے مداحوں بالخصوص نوجوانوں کو زندگی گزارنے کے حوالے سے مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ دوسرے کیا کہہ رہے ہیں۔

پی ایس ایل 9 سے قبل نسیم شاہ مکمل فٹ، باؤلنگ شروع کر دی

فاسٹ بولر نے مقامی لیگ میچ 2 وکٹیں لینے کی ویڈیو انسٹاگرام پر شیئر کر دی

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے اسٹار فاسٹ بولر نسیم شاہ کندھے کی انجری سے مکمل صحتیابی کے بعد باؤلنگ شروع کر دی۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر (ایکس) پر ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں مقامی لیگ میچ کے دوران نسیم شاہ کو کندھے کی انجری سے مکمل صحتیابی کے بعد تیز رفتار باؤلنگ کرواتے دیکھا جا سکتا ہے۔ لیگ میچ کے دوران نسیم شاہ کی گیند پہلے کی طرح سوئنگ کر رہے تھے جبکہ ایک اوور میں دو وکٹیں حاصل کرنے میں بھی کامیاب ہوئے۔ انسٹاگرام پر نسیم شاہ نے اپنی باؤلنگ کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کم بیک پر اللہ تعالیٰ کا شکر بھی ادا کیا۔ واضح رہے کہ نسیم شاہ ستمبر میں ایشیا کپ 2023 میں بھارت کے خلاف میچ کے دوران زخمی ہو گئے تھے، بعدازاں انہیں بھارت میں شیڈول ورلڈ کپ اسکواڈ سے بھی ڈراپ کر دیا گیا تھا۔ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے نویں ایڈیشن کے آغاز سے قبل فاسٹ بولر مکمل صحتیاب ہو چکے ہیں۔

مصباح الحق کی تینوں فارمیٹ کے الگ الگ کپتان بنانے کی تجویز

مختلف فارمیٹ میں مختلف کپتان میں کوئی قباحت نہیں، ذمہ داریاں تقسیم کرنا اچھی بات ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان مصباح الحق نے تینوں فارمیٹ کے الگ الگ کپتان مقرر کرنے کی تجویز دے دی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے حیدرآباد بہادرز کے ہیڈ کوچ مصباح الحق نے کہا کہ میرے خیال میں مختلف فارمیٹ میں مختلف کپتان میں کوئی قباحت نہیں، فارمیٹ کے مطابق ذمہ داریاں تقسیم کرنا اچھی بات ہے، جب آپ بڑے فارمیٹ کے کھلاڑی ہیں تو مختصر فارمیٹ پھر ملائی کی طرح ہے، ٹیسٹ کرکٹ کبھی ختم نہیں ہوگی، ہاں ٹی ٹوئنٹی کی وجہ سے ون ڈے کی کشش کم ہو جائے گی۔ مصباح الحق نے مزید کہا ہے کہ پی سی بی ٹیکنیکل کمیٹی اس وقت تک تھی جب ڈائریکٹر نہیں تھا، اب ٹیکنیکل کمیٹی فعال نہیں، کھلاڑی کپتانی آہستہ آہستہ سیکھتا ہے، پاکستان کے پاس ایسے وسائل ہیں کہ ٹی ٹوئنٹی میں حاوی ہو سکتے ہیں، ویسٹ انڈیز کی کنڈیشن پاکستان کیلئے مختلف نہیں ہوگی، ہم ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں اچھا کر سکتے ہیں، اچھا کمبی نیشن بنانا ہوتا۔ سابق کپتان مصباح الحق نے کہا ہے کہ ایڈہاک ازم نقصان دہ ہے، یہ نہ ہو کہ اوپر بندہ تبدیل ہو تو نیچے بھی سب بدل جائے، عدم تسلسل ہوگا تو نہ آپ طویل پلان کر سکتے اور نہ پلیئر تیار کر سکتے ہیں۔

بقیہ 1

کا تبادلہ جاری رہا، دہشتگردوں کی فائرنگ سے 10 پولیس اہلکار شہید جبکہ 6 اہلکار زخمی ہوگئے، زخمیوں اور لاشوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس لائن سے بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور تھانہ چودھوان کی حدود میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں میں محمد اسلم، غلام فرید، محمد جاوید، محمد ادریس، محمد عمران، صفدر، اے ایس آئی کوثر، احترام سید، رفیع اللہ اور حمید الحق شامل ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دہشتگردوں نے تھانہ چودھوان کی عمارت پر تعینات پولیس اہلکاروں کو اسنائپر سے نشانہ بنایا، بعد ازاں دہشتگردوں نے تھانے میں گھس کر دستی بموں کا استعمال کیا، دہشتگردوں نے پولیس اہلکاروں پر فائرنگ بھی کی۔ ڈی ایس پی درابن نے بتایا کہ شہید اہلکاروں میں 4 ایلیٹ فورس کے جوان اور 6 ضلع ڈیرہ سے تعلق رکھتے ہیں، ایلیٹ فورس صوابی کی پلاٹون تھانہ چودھوان پر تعینات ہیں۔ نگران وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا جسٹس (ر) سید ارشد حسین شاہ نے حملے کی مذمت کرتے ہوئے پولیس اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس کیا۔ وزیراعلیٰ نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن کے لیے پولیس نے لازوال قربانیاں دی ہیں، بزدلانہ واقعات سے پولیس کے حوصلے پست نہیں ہوں گے، حکومت اور پوری قوم پولیس کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

بقیہ 2

نے اپنی آئینی ذمہ داری پوری کر دی ہے اور آئین کے مطابق اپنے فرائض سرانجام دیئے اور وہ اپنی مدت کے دوران کیے گئے تمام فیصلوں کی ذمہ داری قبول کریں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اگرچہ کچھ خامیاں اور کمزوریاں ہیں تاہم ہماری جمہوریت فروغ پا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات کے بعد پارلیمنٹ تشکیل دی جائے گی اور معاشرے کے مختلف طبقوں کی تجاویز کے مطابق جمہوریت کو مضبوط بنانے کے لئے ضروری آئینی اور قانونی اصلاحات کی جائیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی ایک سنجیدہ مسئلہ ہے اور اس میں اضافہ افغانستان سے امریکی اور نیٹو افواج کے انخلا کے بعد سے ہوا، جنہوں نے جدید ہتھیار چھوڑے جو دہشت گرد گروہوں کے قبضے میں آگئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے دہشت گرد گروہوں کے خلاف واضح موقف اختیار کیا ہے اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بہادری کے ساتھ دہشت گردوں کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ نگراں مدت کے دور میں میں نے اور میری ٹیم نے اقوام متحدہ میں پاکستان کی نمائندگی کی اور عالمی رہنماؤں سے بات چیت کی اور انہیں پاکستان کا نقطہ نظر سمجھایا۔

بقیہ 3

کمیشن نے نجکاری سے متعلق کسی قسم کا معاہدہ کرنے سے روکتے ہوئے کابینہ کا پی آئی اے سے متعلق نجکاری کا پلان طلب کر لیا ہے۔

بقیہ 4

پیشکش کی۔ ذرائع نے اس نمائندے سے گزشتہ شب رابطے پر بتایا 9 مئی کے بعد عمران خان سے کسی قسم کا رابطہ نہیں ہوا۔ 9 مئی کا واقعہ ریاستی دہشت گردی تھی سیاسی خطائیں نظرانداز ہو جاتی ہیں لیکن ریاست اور ریاستی اداروں کے خلاف دہشت گردی ناقابل معافی جرم ہیں اور ایسے جرائم کا ارتکاب کرنے والوں سے رابطوں کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

بقیہ 5

کو انٹرویو میں ایسپن بارتھ ایڈے نے اسرائیل اور فلسطین کے درمیان امن کے لیے ناروے کی اوسلو معاہدہ سے غزہ جنگ بندی کی حمایت تک کوششوں پر بات کی۔ ناروے کے وزیر خارجہ نے دو ریاستی حل کے حوالے سے سوال پر کہا کہ اوسلو معاہدے کے تحت دو ریاستی حل کی تجویز ایک مرتبہ پھر ابھر کر سامنے آئی ہے لیکن اسرائیل کے موجودہ وزیراعظم کی جانب سے دو ریاستی حل سے انکار تشویشناک بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کی کئی حکومتوں نے اس بات کا اعادہ کیا تھا کہ فلسطین کا حل دو ریاستوں کے قیام پر ہوگا

بقیہ 6

ہمدردیاں شہید اہلکاروں کے لواحقین کے ساتھ ہیں اور زخمی اہلکاروں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہوں۔ دہشتگرد دھرتی کا بوجھ ہیں، اتحاد کی قوت سے اس ناسور کا خاتمہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں انتشار اور عدم استحکام پھیلانے کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ شہید اہلکاروں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔

بقیہ 7

اب محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کرتے ہوئے کہا کہ اس دوران موسم سرد اور خشک رہے گا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق منگل سے جمعرات میں اسلام آباد میں موسم سرد اور خشک رہے گا، منگل کے روز ملک کے بیشتر بالائی علاقوں میں سرد جبکہ بالائی خیبر پختونخواہ اور گلگت بلتستان میں چند مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش اور پہاڑوں پر ہلکی برفباری متوقع ہے۔ تاہم 7 اور 8 فروری کے دوران موسم سرد اور خشک رہے گا، صبح کے اوقات میں پنجاب کے بعض میدانی علاقوں میں دھند پڑنے کا امکان ہے۔ منگل کے روز شمالی بلوچستان میں ہلکی بارش اور ہلکی بار برفباری متوقع ہے تاہم بدھ سے جمعرات کے دوران بلوچستان، سندھ اور جنوبی پنجاب میں موسم سرد اور خشک رہے گا۔

بقیہ 8

بھارتی حکومت نے 5 اگست 2019 کو مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت تبدیل کر کے مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی کی بدترین مثال قائم کی ہے۔ انہوں نے کہا کشمیر میں بڑھتی ہوئی بھارتی بربریت، ظلم وستم اور انسانی حقوق کی سنگین ترین پامالیوں سے بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا بھر میں عیاں ہوا ہے اور دنیا بھر میں بھارتی غیر قانونی اقدامات پر آوازیں اٹھ رہی ہیں۔ بھارت کی موجودہ حکومت نے نہ صرف کشمیریوں پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑے ہیں بلکہ ہندوستان میں بسنے والی تمام اقلیتوں کا جینا محال کر دیا ہے۔ اب وقت آچکا ہے کہ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ادارے، جمہوریت پسند ممالک اور تنظیمیں کشمیر کے مسئلے کو اقوام متحدہ کی قرار دادوں اور کشمیریوں کی خواہشات کے مطابق حل کرانے کیلئے موثر اقدامات اٹھائیں۔ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے۔ پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں نے مسئلہ کشمیر کے پر امن حل کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھایا ہے مگر بھارت کی ہٹ دھرمی اور جنونیت کی وجہ سے گزشتہ سات دہائیوں سے کشمیری عوام اپنی آزادی کے حصول کیلئے قربانیاں پیش کر رہے ہیں۔ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کیلئے ملکی و بین الاقوامی سطح پر مل کر مزید اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی عوام اور ادارے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور آزادی کے حصول تک کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مرزا محمد آفریدی نے بھی 5 فروری کے حوالے سے مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا اور کہا کہ پاکستان کا موقف مسئلہ کشمیر کے حوالے سے واضح ہے۔ بھارت انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں میں ملوث ہے۔ انہوں نے اقوام عالم پر زور دیا کہ وہ اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 9

کھیلوں کی سہولتوں کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سنوکر اور بیڈمنٹن کھیلی۔ صوبائی وزراء عامر میر، ڈاکٹر جاوید اکرم اور مشیر وہاب ریاض نے بھی سنوکر، بیڈمنٹن اور لانگ ٹینس کھیلی جبکہ انسپکٹر جنرل پولیس، چیئرمین پی اینڈ ڈی، سیکرٹری تعمیرات و مواصلات نے بھی ٹیبل ٹینس، سکواش، بیڈمنٹن اور لانگ ٹینس کھیلی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے جم، بیڈمنٹن کورٹ، سکواش کورٹ، سوئمنگ پول، ٹیبل ٹینس روم، سنوکر روم، لانگ ٹینس کورٹ اور دیگر کھیلوں کی سرگرمیوں کیلئے بنائے کورٹس کا معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے جم میں ایکسرسائز کیلئے جدید مشینیں فراہم کرنے کے اقدام اور سپورٹس کمپلیکس کے اعلیٰ معیار کی تعریف کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سپورٹس کمپلیکس کے لان میں پودا بھی لگایا۔ صوبائی وزراء ڈاکٹر جاوید اکرم، عامر میر، مشیر وہاب ریاض، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، انسپکٹر جنرل پولیس، کمشنر فیصل آباد، آر پی او فیصل آباد، سیکرٹری تعمیرات و مواصلات، سیکرٹری صحت، سی پی او فیصل آباد، ڈپٹی کمشنر فیصل آباد اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 10

مسئلے کا حل ہے، کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی اور نسل کشی افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ثابت ہو چکا کہ مسئلہ کشمیر کے حل کے بغیر خطے میں امن ممکن نہیں، آزادی کشمیریوں کا حق ہے، بھارتی غاصبانہ قبضہ ان کی حق تلفی ہے، اقوام متحدہ اور عالمی ادارے کشمیر میں ہونے والے مظالم کو رکوائیں، کشمیریوں کے حق خودارادیت کو تسلیم کرنا عالمی امن کے لئے ضروری ہے، بھارتی مظالم نے انسانیت کو بھی شرمندہ کر دیا، سیکولر بھارت کا غاصبانہ اور انسانیت سوز رویہ قابل مذمت ہے، بھارتی مظالم نے کشمیریوں پر زندگی تنگ کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے مسئلہ کشمیر کو بردباری اور معاملہ فہمی سے ہینڈل کیا ہے۔ پاک فوج کی امن پسندی اور دانشمندی کی وجہ سے خطے میں امن قائم ہے۔

بقیہ 11

معالجے کی سہولتوں کے بارے استفسار کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور ادویات کے حوالے سے دریافت کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ شعبہ صحت کی بہتری کیلئے ایک برس کے دوران مثالی کام ہوا ہے۔ محکمہ صحت اور محکمہ تعمیرات و مواصلات کی پوری ٹیم نے دن رات ایک کیا۔ سیکرٹری صحت نے دونوں ہسپتالوں کے بارے میں بریفنگ دی۔ صوبائی وزراء ڈاکٹر جاوید اکرم، عامر میر، مشیر وہاب ریاض، انسپکٹر جنرل پولیس، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، سیکرٹری صحت، سیکرٹری تعمیرات و مواصلات، کمشنر فیصل آباد، آر پی او فیصل آباد، سی پی او فیصل آباد، ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 12

قیمتوں میں اضافہ اور حالیہ بل ان کی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وائس چیئرمین انجمن تاجران کمرشل مارکیٹ حماد قریشی نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول بجلی گیس کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کا طوفان آیا ہوا ہے، روزانہ کمانے والی غریب عوام اس وقت گیس بجلی کے ہزاروں لاکھوں کے بلوں سے ذہنی اذیت کا شکار ہیں، گیس عوام کو میسر نہیں ہے، سیاسی جماعتیں الیکشن میں عوام کو خوابوں کے دیس کی سیر کرا رہے ہیں عوامی مسائل پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ہے، مہنگائی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے، خدارا ریاستی ادارے پاکستان کا سوچیں عوام کو مہنگائی سے نجات دلائیں اور 8 فروری ان رنگ باز سیاستدانوں سے نجات حاصل کریں۔

بقیہ 13

2024 کے لئے راولپنڈی پولیس کے 9500 سے زائد افسران سکیورٹی ڈیوٹی سر انجام دیں گے، 580 اے، 980 بی اور 1221 سی کیٹیگری کے پولنگ سٹیشنوں پر سکیورٹی تعینات ہوگی، شہر بھر کو سیکورٹی گشت کے حوالے سے 280 کلسٹرز میں تقسیم کیا گیا ہے، اسلحہ کی نمائش پر مکمل پابندی ہوگی، الیکشن کمیشن کے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، امن وامان میں خلل ڈالنے کی کوشش کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق جنرل الیکشنز 2024 کے حوالے سے راولپنڈی پولیس نے ضلع بھر میں فلیگ مارچ کیا، راولپنڈی پولیس، پاک فوج، رینجرز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے فلیگ مارچ میں حصہ لیا، فلیگ مارچ کی سپرویژن سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی، ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر، ڈویژنل ایس پیز اور دیگر سینئر افسران نے کی، سینئر افسران کی قیادت میں حلقہ این اے 51,52,53,54,55,56,57 میں الگ الگ فلیگ مارچ کیے گئے ہیں، فلیگ مارچ کا مقصد الیکشنز 2024 کے پرامن انعقاد کے عزم کا اظہار ہے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ الیکشن 2024 کے لئے راولپنڈی پولیس کے 9500 سے زائد افسران سکیورٹی ڈیوٹی سر انجام دیں گے، 580 اے، 980 بی اور 1221 سی کیٹیگری کے پولنگ سٹیشنوں پر سکیورٹی تعینات ہوگی، شہر بھر کو سیکورٹی گشت کے حوالے سے 280 کلسٹرز میں تقسیم کیا گیا ہے، مری روڈ، مال روڈ، اہم مقامات اور تنصیبات کے قریب ایلیٹ کمانڈوز گشت کریں گے، پاک فوج اور رینجرز کوئیک رسپانس فورس بھی اہم مقامات پر پٹرولنگ کے فرائض سرانجام دیں گے، پولیس کوئیک رسپانس کے دستے شہر بھر میں گشت کریں گے اور ضرورت پڑنے پر فوری رسپانس کریں گے، پولنگ میٹیریل کی بحفاظت ترسیل کے لئے خصوصی سیکورٹی انتظامات کئے گئے ہیں، پولنگ سٹیشنز پر کیمرے لگائے جا رہے ہیں، تمام افسران فیلڈ میں موجود رہ کر مسلسل سیکورٹی انتظامات کی نگرانی کریں گے، اسلحہ کی نمائش پر مکمل پابندی ہو گی، الیکشن کمیشن کے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، امن وامان کو یقینی بنانے کے لئے مربوط و فول پروف سیکورٹی پلان ترتیب دیا گیا ہے، پولیس ہیڈکوارٹرز میں خصوصی کنٹرول روم کے ذریعے امن و امان کی صورتحال کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی، الیکشن کا پرامن انعقاد اولین ترجیح ہے، شہریوں کے جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا، کسی بھی قانون شکنی کو برداشت نہیں کیا جائے گا، امن وامان میں خلل ڈالنے کی کوشش کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، الیکشن 2024 کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 14

وارڈ میں زیر علاج تھا، بچے کی حالت دو روز سے تشویشناک تھی۔ افسوس واقعے کے بعد ایس ایس پی سینٹرل کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم کے درمیان ہونے والے جھگڑے کے خلاف مقدمہ پی پی کارکن یوسف کی مدعیت میں درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمے میں ایم کیو ایم کے 3 کارکنان اور 15 سے 20 نامعلوم افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ مقدمے میں انسداد دہشت گردی اور اقدام قتل کی دفعات بھی شامل کی گئی ہیں۔ یاد رہے کہ اس افسوسناک واقعے کے دوران فائرنگ اور ڈنڈے کے وار سے 2 بچوں سمیت 3 افراد زخمی ہوئے تھے۔ زخمیوں میں 16 سالہ رحمٰن، 40 سالہ شریف اور 12 سالہ عبدالرحمٰن بھی شامل تھا۔

بقیہ 15

پر 88 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع

7 سالہ کمسن بچی کے قتل کا مقدمہ ٹریس قاتل گرفتار

گرفتار ملزم اسد محمود ولد محمد شریف ساکن سہگل آباد کو بچی کا پڑوسی ہے کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے اسکے قبضہ سے آلہ قتل دراتی بھی برآمد

سید خرم علی کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود کی زیر نگرانی تھانہ ڈوہمن پولیس کی بڑی کارروائی

چکوال (نامہ نگار شہزاد) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور آر پی او راولپنڈی ڈویژن سید خرم علی کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود کی زیر نگرانی تھانہ ڈوہمن پولیس کی بڑی کارروائی، 07 سالہ کمسن بچی کا قتل کا مقدمہ درج، قاتل گرفتار، پی پی 16 کے امیدوار مصباح الرحمٰن کیخلاف نااہلی کی درخواست دائر

لاہور (این این آئی) پنجاب پارٹی کے امیدوار حلقہ پی پی 16 چکوال پنجاب پارٹی کے امیدوار مصباح الرحمٰن کے خلاف نااہلی کی درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست حلقہ کے رہائشی کی جانب سے الیکشن کمیشن میں دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ مصباح الرحمٰن بدعنوانی، رشوت ستانی اور غیر ضروری اثر و رسوخ استعمال کر رہے ہیں، درخواست کے ساتھ فوٹیج بھی بطور ثبوت پیش کی گئی ہے۔

اجتماع پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر ہمایوں اختر انتخابی جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

بہاولنگر، گھر میں گیس سلنڈر پھٹنے سے ماں، 2 بیٹیاں جھلس کر جاں بحق

کھانا پکانے کے دوران گیس سلنڈر پھٹنے سے دھماکا ہوا، جاں بحق ایک بچی کی عمر 3 سال، دوسری کی 5 سال تھی

بہاولنگر (این این آئی) بہاولنگر کی تحصیل منچن آباد میں گھر میں گیس سلنڈر پھٹنے سے ماں اور 2 کمسن بچیاں جھلس کر جاں بحق ہو گئیں۔ منچن آباد کے علاقے طارق کالونی میں واقع گھر میں کھانا پکانے کے دوران گیس سلنڈر پھٹنے سے دھماکا ہو گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں 32 سالہ ہیرا بی بی اور ان کی 2 کمسن بیٹیاں جھلس کر جاں بحق ہو (بقیہ نمبر 3 2)

پی پی 16 سے پیپلز پارٹی کے امیدوار مصباح الرحمٰن کیخلاف نااہلی کی درخواست دائر

لاہور (این این آئی) پنجاب پارٹی کے امیدوار حلقہ پی پی 16 چکوال پنجاب پارٹی کے امیدوار مصباح الرحمٰن کے خلاف نااہلی کی درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست حلقہ کے رہائشی کی جانب سے الیکشن کمیشن میں دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ مصباح الرحمٰن بدعنوانی، رشوت ستانی اور غیر ضروری اثر و رسوخ استعمال کر رہے ہیں، درخواست کے ساتھ فوٹیج بھی بطور ثبوت پیش کی گئی ہے۔

راولپنڈی، چوہدری نثار کے 7 کارکنوں پر مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تھانہ چکری میں سابق وزیر داخلہ چوہدری نثار کے 7 کارکنوں پر مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مقدمہ مسلم لیگ ن کے کارکن تنویر حسین کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے۔ مقدمے سے تھانہ کے مطابق ملزمان گزشتہ رات گھر میں زبردستی داخل ہوئے، انہوں نے تعدد کیا (بقیہ نمبر 3)

پی آئی سی ایمرجنسی کا بارٹیکٹر ورک مزید خوبصورت ہوگا، کشمنرلاہور

لاہور (این این آئی) کشنر لاہور محمد علی رندھاوا نے کہا کہ پی ایچ سے ایم او ایچ سے پی آئی سی ایمرجنسی کا بارٹیکٹر ورک مزید خوبصورت ہوگا۔ کشنر لاہور نے کہا کہ پی آئی سی کا ٹیل روڈ پر 27 فٹ اونچا خوبصورت ڈیزائین کا حال نامومنٹ عمل ہو گیا۔ پی آئی سی ڈائیگناسٹک لیب 98 لیجر عمل ہو گئی۔ لیب سامان بھی پہنچ گیا۔ مریضوں کو لوٹنین (بقیہ نمبر 6)

ڈیرہ اسماعیل خان، پولیس اسٹیشن پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

پوری قوم پولیس اور سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، وزیراعظم انوار الحق

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے ڈیرہ اسماعیل خان کی تحصیل درابن کے پولیس اسٹیشن پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں امن وامان کے نفاذ کے حوالے سے ہمارے (بقیہ نمبر 3 4)

مسلح افواج کا کشمیریوں کے عزم اور جدوجہد کو خراج تحسین

آزادی کی جرات مندانہ جدوجہد سے کامیابی کشمیری عوام کا مقدر ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر مسلح افواج کی جانب سے بھی کشمیریوں کو ان کے عزم اور دیرینہ جدوجہد پر خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کا کہنا ہے کہ کشمیری عوام کی جرات مندانہ جدوجہد سے کامیابی کشمیریوں کو مسلح افواج کی جانب سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مقابلہ کر رہے ہیں، کشمیر اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر (بقیہ نمبر 3 5)

بھکر: ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نوید محمد اعوان اور ڈی پی او محمد نوید قریشی یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر مسلح پولیس کونسل ہال میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔ (5 فروری 2024ء)

پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی مدد جاری رکھے گا

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کے زیر نگرانی مرکزی سیمینار ضلع کونسل ہال بھکر میں منعقد کیا گیا

پاکستانی قوم کشمیری عوام کی امنگوں کے عین مطابق مسئلہ کشمیر کے بلا تاخیر اور منصفانہ حل کی خواہاں ہے، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نوید محمد اعوان

بھکر (ظفر اعوان) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کے زیر نگرانی مرکزی سیمینار ضلع کونسل ہال بھکر میں منعقد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نوید محمد اعوان نے کی جبکہ تقریب کے مہمان خصوصی ڈی پی او محمد نوید قریشی تھے۔ سیمینار میں صدر انجمن تاجران رانا محمد اشرف، سی ای او ایجوکیشن عبدالرحمٰن، مقامی اداروں کے سربراہان، بلخف چوہدری مکاتب فکر کے (بقیہ نمبر 3 7)

بھکر: ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نوید محمد اعوان اور ڈی پی او محمد نوید قریشی یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر مسلح پولیس کونسل ہال سے جنرل بس سٹینڈ تک ریلی نکال رہا ہے۔ (5 فروری 2024ء)

چھ ماہ میں پرڈیم لیوی کی مد میں عوام سے 472 ارب روپے وصول

پٹرولیم لیوی گزشتہ برس اسی مدت کے مقابلے میں 166 فیصد زیادہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے پٹرولیم لیوی کی مد میں 6ماہ کے دوران عوام سے 472 ارب روپے وصول کیے ہیں جو گزشتہ برس اسی مدت کے دوران وصول کی جانے والی لیوی سے 166 فیصد زیادہ ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران وصول کی جانے پٹرولیم لیوی پورے مالی سال کے لیے بجٹ کی مجوزہ رقم کا 70 فیصد وصول کیا گیا ہے۔ پرڈیم لیوی کے ذریعے 5 ملزمان کو گرفتار کیا، ملزمان کے پاس سے اسلحہ بھی برآمد کیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا تھا کہ انہوں نے الیکشن کمیشن کی خلاف ورزی کرنے پر 5 ملزمان کو گرفتار کیا، ملزمان کے خلاف تھانہ رسالدار (بقیہ نمبر 3 8)

خدشہ ہے (ن) لیگ کے کارندے خون خرابے کی سازش کریں گے، سینیٹر پلوشہ خان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹر رہنما سینیٹر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ خدشہ ہے (ن) لیگ اور ان کے کارندے خون خرابے کی سازش کر رہی ہے، (ن) لیگ سے مطالبہ کرتے ہیں وہ اپنی پوزیشن واضح کرے، ان کے ماضی میں بالول ہاؤس جیسے واقعات موجود ہیں، لاہور میں بلاول ہاؤس زرداری کے ایک حلقے نے ان کی نیندیں حرام کر دی ہیں

انتخابی مہم کے دوران فائرنگ کرنے والے 5 افراد گرفتار

امیدوار سردار علی جان مزاری کی حلقے میں آمد کے موقع پر خوشی میں ہوائی فائرنگ کی تھی

کندہ کوٹ (این این آئی) سندھ کے ضلع کندہ کوٹ میں پولیس اور رینجرز نے کنگوری واقعے قریب مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کی انتخابی مہم کے دوران فائرنگ کرنے والے 5 افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے بتایا کہ گرفتار ملزمان نے پیپلز پارٹی کے قومی اسمبلی کے امیدوار سردار علی جان مزاری کی حلقے میں آمد کے موقع پر خوشی میں ہوائی فائرنگ کی تھی، ملزمان کے پاس سے اسلحہ بھی برآمد کیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا تھا کہ انہوں نے الیکشن کمیشن کی خلاف ورزی کرنے پر 5 ملزمان کو گرفتار کیا، ملزمان کے خلاف تھانہ رسالدار (بقیہ نمبر 3 8)

میدانی علاقوں کو شدید دھند نے گھیر لیا، موٹر وے بند

ایم 2 کھوکھر نزاریگ سے فاروق آباد، ایم 3 کوئینٹی پور سے دھنانہ، ایم 4 کوٹلی قطعات سے بند کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب کے میدانی علاقوں کو ایک بار پھر شدید دھند نے گھیر لیا، دھند کے باعث موٹر وے پر کئی مقامات سے بند کر دیا گیا۔ ترجمان موٹر وے پولیس کے مطابق شدید دھند کی وجہ سے موٹر وے ایم 2 کھوکھر نزاریگ سے فاروق آباد، ایم 3 کوئینٹی پور سے دھنانہ، ایم 4 کوٹلی قطعات سے بند کر دیا گیا۔ ترجمان موٹر وے پولیس کے مطابق شدید

فوری ضرورت

ماہنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن یوم یکجہتی کشمیر پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بھارت کشمیر کو قبرستان بنا کر یہ سوچے کہ امن قائم کر دیا، مرتضیٰ سولنگی

1987ء کے نام نہاد الیکشن کے خلاف بھی آواز بلند کی، یہ چوتھی نسل ہے جو اس ظلم میں مبتلا ہے

ہم کشمیریوں کیساتھ کھڑے ہیں، بھارت کشمیر کو قبرستان بنا کر یہ نہ سوچے کشمیر میں امن قائم کر دیا، نگران وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ کشمیری اپنے حق خودارادیت کے لیے لڑ رہے ہیں اور ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں، بھارت کشمیر کو قبرستان بنا کر یہ نہ سوچے کہ کشمیر میں امن قائم کر دیا ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ 1947ء میں بھی کشمیر نے خودارادیت کا مطالبہ کیا تھا، مرتضیٰ سولنگی کا کہنا ہے کہ (بقیہ نمبر 4 7)

پاکستان کشمیری عوام اور ان کے حق خودارادیت کے ساتھ کھڑا ہے

کشمیری عوام اپنے حق خودارادیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، سردار محمد آصف نکئی

جدہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر امیدوار حلقہ پی 183 سردار محمد آصف نکئی نے کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان کشمیری عوام اور ان کے حق خودارادیت کے ساتھ کھڑا ہے متعصب کشمیر ویر یہ سنلے ہے کشمیری عوام اپنے حق خودارادیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے خفیہ کشمیر کے لوگ مشکل اپنے حق کے لئے آواز (بقیہ نمبر 4 1)

وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی نے الیکشن کمیشن کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے

شعبہ جرنلزم اسٹڈیز کی چیئرپرسن پروفیسر ڈاکٹر بشریٰ رحمان نے سی وی سی تحقیقات پر مبنی خط کو مسترد کر دیئے۔ پنجاب یونیورسٹی کے رجسٹرار نے وائس چانسلر کی ہدایت پر الیکشن کمیشن سے پیشگی اجازت طلب کئے بغیر اور متعلقہ شعبے سے مشاورت کے بغیر (بقیہ نمبر 4 2)

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی کے رجسٹرار نے وائس چانسلر آصف نسیم کے الیکشن کمیشن کی تقرر و تبادلوں پر پابندی کی واضح ہدایات کے باوجود گریڈ 21 اور 20 کے تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔ پنجاب یونیورسٹی کے رجسٹرار نے وائس چانسلر کی ہدایت پر الیکشن کمیشن سے پیشگی اجازت طلب کئے بغیر اور متعلقہ شعبے سے مشاورت کے بغیر (بقیہ نمبر 4 2)

ایم ڈی پی ایم ڈی سی سائٹ مائنز ملک اسد احمد کی کاوشوں سے مائن لیز کی مدت بڑھادی گئی

ایم ڈائریکٹر پی ایم ڈی سی سائٹ مائنز ملک اسد احمد کو ذاتی دلچسپی

انتھک کوششوں 2 سال سے رکی ہوئی مائن لیز کی مدت بڑھا دی گئی

سیاسی و سماجی حلقوں کی MD ملک اسد احمد کو خراج تحسین

پنڈ دادنخان (مخبر اخبار سے) تفصیلات کے مطابق پی ایم ڈی سی سائٹ مائنز کی مدت جو پچھلے دو سال سے ختم ہو چکی تھی مینگ ڈائریکٹر ملک اسد احمد اور پروجیکٹ مینجر کھیڑہ ملک نیم کاکھرا کی ذاتی دلچسپی لگن اور دو سال کی انتھک کوشش سے بڑھا (بقیہ نمبر 4 3)

ڈی پی او بھکر محمد نوید کاٹسی کے حساس پولنگ سٹیشن کا وزٹ

سکیورٹی انتظامات کو فول پروف بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

بھکر (ظفر اعوان) ڈی پی او بھکر محمد نوید کاٹسی ایریا بھکر میں موجود حساس پولنگ سٹیشن کا وزٹ اور صورتحال کا جائزہ لیا۔ ڈی پی او محمد نوید نے جنرل الیکشن 2024 کے موقع پر تھانہ ٹسی بھکر کے علاقے میں موجود حساس پولنگ سٹیشن گورنمنٹ پرائمری سکول نلہ ڈھاڈلہ گلیاری A کا وزٹ کیا۔ دوران وزٹ پولنگ سٹیشن کا سکیورٹی کے حوالے سے معائنہ کیا اور ایس ڈی پی او صدر سرکل اور ایس ایچ او ٹسی عامر شہزاد اعوان بھکر کو سکیورٹی کے حوالے سے مناسب ہدایات دیں۔ ڈی پی او اس موقع پر ڈی پی او پرائمری سکول کو بھی وزٹ کیا (بقیہ نمبر 4 4)

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر نائلہ محمود جناب یونیورسٹی کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں منعقد ہونے والی تقریب کو خطاب کر رہے ہیں

آن لائن مانیٹرنگ کیلئے آئی جی آفس میں ویڈیو وال قائم

ویڈیو وال 6 کروڑ روپے لاگت سے بنائی جا رہی ہے، کام آج مکمل ہو جائے گا

لاہور (این این آئی) عام انتخابات کی آن لائن مانیٹرنگ کیلئے آئی جی آفس میں ویڈیو وال تیار کر دیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ویڈیو وال 6 کروڑ روپے لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ ویڈیو وال بنانے کا کام آج مکمل نہ مکمل ہو جائے گا۔ ویڈیو وال سے آئی جی پنجاب فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کریں گے، انتخابی کو پرامن بنانے کے لئے ویڈیو وال لگائی جا رہی ہے۔

پاکستان سٹی تحریک کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر احتجاجی مظاہرے میں بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کا پتلا نذر آتش کیا جا رہا ہے

رجسٹرڈ ووٹرز کے تناسب سے متعلق رپورٹ جاری

این اے 67 حافظ آباد کا 10 ہزار 723 رجسٹرڈ ووٹرز کے ساتھ سب سے بڑا حلقہ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے فیز ایکشن ڈیٹ ورک (قانون) نے قومی و صوبائی اسمبلیوں کے رجسٹرڈ ووٹرز کے تناسب سے متعلق رپورٹ جاری کر دی، رپورٹ کے مطابق این اے 67 حافظ آباد میں سب سے زیادہ 8 لاکھ 10 ہزار 723 رجسٹرڈ ووٹرز ہیں، قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 244 میں سب سے کم ووٹ ایک لاکھ 55 ہزار 824 ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ قیر بہ کنٹونمنٹ میں قومی اسمبلی کا سب سے بڑا حلقہ این اے (بقیہ نمبر 4 5)

کھر ڈویژن میں 916 حساس اور 830 انتہائی حساس پولنگ اسٹیشنز ہیں

پولنگ اسٹیشن کے لیے سکیورٹی پلان موثر ہونا چاہیے، نگران وزیر اعلیٰ

کھر (این این آئی) نگران وزیر اعلیٰ سندھ جسٹس (ر) اشوک کمار نے انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ کھر ڈویژن میں 916 حساس اور 830 انتہائی حساس پولنگ اسٹیشنز ہیں، جس کے لیے پولنگ اسٹیشن کے لیے سکیورٹی پلان موثر ہونا چاہیے تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آئے۔ اجلاس میں وزیر اطلاعات احد شاہ، چیف سیکرٹری ڈاکٹر فخر (بقیہ نمبر 4 6)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الدین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ادارے مجھے پر ہونے والے قاتلانہ حملے کی تحقیقات کریں، نبیل آفریدی

جرمود (این این آئی) پی ٹی آئی کے 70 کے آزاد امیدوار محمد نبیل جرمود نبیل آفریدی نے جرمود پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ مجھے کے خلاف ادارے گزشتہ روز مجھ پر شاٹس جرمود میں ہونے والے قاتلانہ حملے کی تحقیقات کرائے، انہوں نے کہا کہ اس حملے پر مجھے مقدموں سے مجھے عوام سے دور نہیں کیا جا سکتا۔ میں تمام سیاسی مشرکان کی قدر کرتا ہوں، میں اپنے قومی روایات کو جانتا ہوں (بقیہ نمبر 4 8)

آرمی چیف جنرل عاصم منیر کا جوانوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

محتسب پنجاب کے حکم پر درخواست گزاران کی دادرسی

لاہور (این این آئی) سابق وزیر مالی (نیب) کا طبرا تنگ ہونے لگا۔ زراع کے مطابق پرویز الٰہی، ان کے صاحبزادے مونس الٰہی سمیت دیگر کے خلاف قومی احتساب بیورو (نیب) کا طبرا تنگ ہونے لگا۔ زراع کے مطابق پرویز الٰہی اور مونس الٰہی سمیت دیگر کے خلاف آمدن سے (بقیہ نمبر 5 0)

پرویز الٰہی، مونس الٰہی سمیت دیگر کے خلاف نیب کا گھیرا تنگ ہونے لگا

نیب ریجنل بورڈ کی غیر قانونی اثاثوں کا ریفرنس تیار کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) محتسب پنجاب پرویز الٰہی، موٹس الٰہی سمیت دیگر کے خلاف قومی احتساب بیورو (نیب) کا طبرا تنگ ہونے لگا۔ زراع کے مطابق پرویز الٰہی اور موٹس الٰہی سمیت دیگر کے خلاف آمدن سے (بقیہ نمبر 5 0)

محکموں کے ریٹائرڈ ملازمین بھی الیکشن سکیورٹی ڈیوٹی دیں گے

31 ہزار مرد، 22 ہزار خواتین ملازمین پولیس کے ساتھ سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ہوں گی

لاہور (این این آئی) عام انتخابات 2024 کی سکیورٹی سے متعلق اہم فیصلہ کیا گیا ہے جس کے تحت 53 ہزار سے زائد ریٹائرڈ ملازمین پولیس بلوچ اور دیگر محکموں کے ریٹائرڈ ملازمین شامل (بقیہ نمبر 5 1)

انتخابات کے بعد 20 مارچ تک ملک میں بڑی اہم تبدیلیاں ہونگی

اگلے مرحلے میں سینیٹ آف پاکستان کے 49 ریٹائرڈ اور تین خالی یعنی 52 نئے سینیٹرز کا اگلی 6 سالہ مدت کیلئے انتخابات ہونگے

گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن محمد کا معلومات کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر تصویری نمائش دیکھ رہے ہیں

لاہور (بیورو چیف) 8 فروری کے عام انتخابات کے بعد 20 مارچ تک ملک میں بڑی اہم تبدیلیاں ہوں گی نگران سیٹ اپ کی جگہ ریاست کے صدر مملکت، وزیر اعظم پاکستان، چیئرمین سینٹ اور سپیکر قومی اسمبلی جیسے کلیدی عہدوں پر اہم ترین شخصیات کا چناؤ ہوگا۔ نو منتخب قومی اسمبلی وزیر اعظم پاکستان، سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کا انتخاب کر لیگی، اسی طرح چاروں صوبائی اسمبلیاں اپنے نئے وزیر اعلیٰ، سپیکر و ڈپٹی سپیکر کا انتخاب کریں گی۔ اگلے مرحلے میں سینیٹ آف پاکستان کے 49 ریٹائرڈ اور تین خالی یعنی 52 نئے سینیٹرز کا اگلی 6 سالہ مدت کے لیے انتخابات ہوں گے (بقیہ نمبر 5 2)

صرف بھٹو خاندان اور ان کی پارٹی غریبوں کی تکلیف سمجھتی ہے، آصفہ بھٹو

لاڑکانہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی رہنما آصفہ بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ صرف بھٹو خاندان اور ان کی پارٹی غریبوں کی تکلیف سمجھتی ہے، 300 یونٹ بجلی مفت دیں گے۔ لاڑکانہ میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے آصفہ بھٹو نے کہا کہ ہم نے کوئی بجلی کے لیے اپیل نہیں بنایا، جہاں مفت علاج ہوتا ہے، ہم نے لاڑکانہ میں رجسٹرڈ 1122 شروع کی، پیپلز بس شروع کی۔ آصفہ بھٹو نے کہا کہ وجب تارکی جیالا ہے آپ 0

قائد آباد، رفتار ڈرائیاں کی ڈمپر سے ٹکر، 3 افراد جاں بحق، دو زخمی

قائد آباد (این این آئی) قائد آباد میں تیز رفتار لالہ ڈمپر سے ٹکرا گیا جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق، دو شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اور پر ضل روڈ پر ڈمپر چنوالہ اترا کے قریب تیز رفتار لالہ پیچھے سے ٹکرے ڈمپر سے ہوا گھرایا جس کے نتیجہ میں ڈالہ پر سوار تین افراد کی شیر، غلام عباس اور غلام علی مستی ٹیل سائن محمد شاہ شاہ پیر صابر حسین سائن پھلوں جھرکل جاں بحق جبکہ دو افراد شیر عباس محمد شاہ، عمران بھروں سکنہ بندیال شاہی شدید زخمی ہو گئے۔

نیپرا کا پاور پلانٹس سے بجلی کی ترسیل کے عارضی انتظامات پر تشویش کا اظہار

پاور سیکٹر میں عارضی انتظامات کے مستقبل میں تباہ کن نتائج ہو سکتے ہیں، رپورٹ

لاہور (این این آئی) نیپکو (فرانسیئن اینڈ ویسٹنگ کمپنی (این ٹی ڈی سی) کے پاور پلانٹس بجلی سے محروم ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نیشنل الیکٹرک (بقیہ نمبر 5 3)

کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لئے فلیکسز آویزاں

پوسٹرز لگانے کا مقصد کشمیری عوام پر ہونے والے ظلم کو اجاگر کرنا ہے، ابراہیم حسن مراد

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر فرانسپورٹ ابراہیم حسن مراد کی خصوصی ہدایت پر پنجاب فرانسپورٹ کمپنی نے کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے مختلف بس سٹاپوں پر پینا فلکس لگائی (بقیہ نمبر 5 5)

پینا فلکس کے ذریعے اظہار یکجہتی کشمیریوں کے ساتھ

آویزاں کی تاکہ کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کو دکھایا جا سکے۔ تفصیل کے مطابق لاہور کی تمام اہم شاہراہوں کے بس سٹاپوں پر اظہار یکجہتی کیلئے مختلف بس سٹاپوں پر پینا فلکس لگائی (بقیہ نمبر 5 5)

ہمارے دور میں مہنگائی کم تھی عوام خوشحال تھے، نواز شریف

جس نے کہا میں ایک کروڑ نوکریاں دوں گا، بتاؤ کسی کو نوکری ملی، وہ کیکے وٹیے کہاں گئے، وہ مرغیاں انڈے کہاں چلے گئے، کسی کو گھر ملا؟

اللہ نے موقع دیا قومی کے چاروں اطراف موٹر وے ہوگی، بڑی خواہش ہے راولپنڈی، اسلام آباد سے میری تک ٹرین لے کر آئیں، منظر آباد تک جائے

مقبوضہ کشمیر پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا، پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم

کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت دلایا جائے، نگران صوبائی وزیر صحت

مری (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے کہا ہے کہ وہ اپنی طرف سے ساری زندگی کے لئے نااہل کر دیا گیا لیکن میں آج آپ کے سامنے کھڑا ہوں، ساری زندگی کے لئے نااہل کر دیا گیا ہے۔ مجھے دال مل گالا اینٹیفیکیٹ دے کر گھر جا رہے ہیں، مجھے دال مل گالا ہے۔ جس شخص نے آٹھ ماہ بعد چیف جسٹس آف پاکستان بنا قاعدہ اسٹیفی دے کر گھر جا رہا ہے اللہ کی قدرت دیکھیں، ہمارے دور میں مہنگائی کم تھی عوام خوشحال تھے، کہاں ہے کیوں نکالا، جس نے مجھے نکالا اس نے اچھا کیا یا برا کیا کشمیر پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا، پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا ہے کہ نیتیں کشمیر میں صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے نیوز پیپلز کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ ہم کر رہے ہیں۔ پاکستانیوں کے دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ انشاء اللہ ایک دن مقبوضہ کشمیر پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا، پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ کشمیریوں پر مودی سرکار کے مظالم کا عالمی برادری نوٹس لے۔ آئے پوری پاکستانی قوم مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کر رہی ہے۔ مودی کے ہاتھ نہتے کشمیریوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں۔ مودی سرکار نے ہندو، کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم (بقیہ نمبر 5 7)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp 0309-7900035

E-Commerce Website Price: 6000/-